CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | جمعۃ المبارک، 10 جولائی 2026ء، 24 محرم الحرام 1448ھ (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 185

میرا خیال ہے معاہدہ ختم ہو چکا، ایران کے معاملے میں بہت وقت ضائع کیا، اب ہمیں اپنا کام کرنا ہوگا، ٹرمپ

ایران، نیٹو اور اسپین کے حوالے سے اہم بیانات جاری کیے، ٹرمپ نے کہا کہ گزشتہ روز ایران نے سعودی عرب اور دیگر ممالک کے جہازوں پر حملے کیے، ہم نے گزشتہ رات ایران کے انتہائی خطرناک لوگوں پر بہت طاقتور حملے کیے ہیں

وہ بیمار ذہنیت لوگ ہیں، ان کے ساتھ کچھ مسئلہ ہے، ہم نے ایران کے معاملے میں بہت زیادہ وقت ضائع کر دیا، میرا خیال ہے اب ایران کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت ختم ہو چکی ہے، اب ہمیں اپنا کام کرنا ہوگا

انقرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے ایران کے ساتھ ہونے والی مفاہمت کی یادداشت اب ختم ہو چکی، امریکہ نے گزشتہ رات ایران میں کارروائی کی ہے۔ ترکیہ کے دارالحکومت انقرہ میں نیٹو سربراہی اجلاس کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے ایران، نیٹو اور اسپین کے حوالے سے اہم بیانات جاری کیے، ٹرمپ نے کہا کہ گزشتہ روز ایران نے سعودی عرب اور دیگر ممالک کے جہازوں پر حملے کیے (بقیہ نمبر 38)

بلاول بھٹو کا بلوچستان میں بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کیخلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بلوچستان میں بھارتی اسپانسرڈ (بقیہ نمبر 2)

مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح جرات، دیانت اور جمہوری اقدار کی روشن علامت تھیں، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کو خراج (بقیہ نمبر 3)

خیبر پختونخوا اسمبلی کا نیا استحقاق قانون آزادی صحافت پر حملہ ہے، اختیار ولی

پشاور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا کے صدر اختیار ولی نے صوبائی اسمبلی (بقیہ نمبر 4)

طلال چودھری نے خیبر پختونخوا اسمبلی کا مراعاتی بل مضحکہ خیز قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا اسمبلی کا (بقیہ نمبر 5)

سیاسی معاملات کا حل سیاسی طریقے سے نکالا جانا چاہیے، بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ حکومت کے ساتھ (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ کے سولر پاور پروجیکٹ سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی ملاقات

وزیر اعلیٰ کی بطور سپیکر پنجاب اسمبلی حکومتی اور اپوزیشن اراکین کو قانون سازی میں شمولیت کو یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے ملاقات کی۔ اس موقع پر عالمی صورتحال کے تناظر میں ملکی حالات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صوبائی اسمبلی کی کارروائی کو باہمی ہم آہنگی سے فروغ دینے پر اتفاق کیا (بقیہ نمبر 7)

بجلی کی قیمت میں 33 پیسے فی یونٹ اضافے کا نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) (بقیہ نمبر 8)

پنجاب میں اراضی ریکارڈ کی مختلف خدمات پر نئے سروس چارجز نافذ

فرد، انتقال، گرداوری کی ایکسپریس کاپی کی فیس 4 ہزار، عام کاپی کی فیس 900 روپے مقرر

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے اراضی ریکارڈ سے متعلق مختلف خدمات کے لیے نئے سروس چارجز نافذ کر دیئے ہیں جن کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔ حکام کے مطابق صوبے بھر کے تمام لینڈ ریکارڈ سینٹرز اور متعلقہ دفاتر میں نئی فیسوں کے مطابق سروس چارجز وصول کیے جائیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق فرد، انتقال اور گرداوری کی ایکسپریس کاپی کی فیس 4 ہزار روپے جبکہ عام کاپی کی فیس 900 روپے مقرر (بقیہ نمبر 9)

پنجاب حکومت کا غیر قانونی اسلحے کی روک تھام کیلئے نیا قانون متعارف کرانے کا فیصلہ

محکمہ قانون نے عوام سے غیر قانونی اسلحہ واپس لینے سے متعلق قانون سازی پر ورکنگ شروع کر دی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے غیر قانونی اسلحے کی روک تھام کے لیے نیا قانون متعارف کرانے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق محکمہ قانون نے عوام سے غیر قانونی اسلحہ واپس لینے سے متعلق قانون سازی پر ورکنگ شروع کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق مجوزہ قانون کے تحت عوام کو غیر قانونی اسلحہ اور لائسنس رضا کارانہ طور پر واپس جمع کرانے کے لیے (بقیہ نمبر 10)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

دہشتگردی کو پوری قوت سے کچل دیگی، فیلڈ مارشل

این ڈی یو جیسے ادارے مستقبل کی عسکری وسول قیادت کو ہائبرڈ خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے آراستہ کر رہے ہیں۔ آرمی چیف نے کہا کہ دشمن ایجنسیوں کی سرپرستی میں کام کرنے والے پراکسی عناصر کی تمام کوششیں ناکام ہوں گی

پاکستان کی مسلح افواج دشمن کی انٹیلی جنس ایجنسیوں سے مکمل باخبر ہے، پراکسی عناصر کو پاکستان کے امن او خوشحالی کو نقصان پہنچانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، افواج قوم کی حمایت کے ساتھ ان پراکسی عناصر کے ٹھکانوں کا خاتمہ یقینی بنائے گی

اسلام آباد (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ سرحد پار سے ہونے والی دہشتگردی کو پوری قوت سے کچل دیا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کا دورہ کیا اور میں نیشنل سکیورٹی اینڈ وار کورس کے گریجویٹ افسران سے خطاب کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کورس میں تینوں مسلح افواج کے افسران شریک تھے، فیلڈ مارشل نے جنگ کی بدلتی ہوئی نوعیت پر روشنی ڈالی جبکہ مسلح افواج کی صلاحیتوں، بلند حوصلے اور آپریشنل تیاری پر اعتماد کا اظہار کیا۔ اس موقع پر شرکا سے گفتگو میں (بقیہ نمبر 13)

لاہور: چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا، ورلڈ بینک کے وفد کو ٹیکس اصلاحات بارے بریفنگ دے رہے ہیں۔

وزیر خزانہ کو ایس ای سی پی حکام کی ادارے کی کارکردگی اور جاری اصلاحات پر تفصیلی بریفنگ

جنوری 2026 سے اب تک 18 ہزار 57 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ کی جا چکی ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کو ایس ای سی پی حکام نے ادارے کی کارکردگی اور جاری اصلاحات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ جنوری 2026 سے اب تک 18 ہزار 57 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ کی جا چکی ہیں، جبکہ ملک میں ریکارڈ (بقیہ نمبر 11)

ایچ ای سی اور ووہان ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے درمیان تعلیمی تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) اور چین کی ووہان ٹیکسٹائل یونیورسٹی (بقیہ نمبر 12)

سندھ طاس معاہدے کی معطلی غیر قانونی پانی کو ہتھیار بنانا دہشتگردی ہے، پاکستان

بھارت یکطرفہ سندھ طاس معاہدہ معطل نہیں کر سکتا، سندھ طاس معاہدے میں یکطرفہ معطلی کی کوئی شق موجود نہیں

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی فوڈ سیکیورٹی کانفرنس میں بھارتی مندوب کے بے بنیاد الزامات پر پاکستان نے دوٹوک جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی غیر قانونی ہے، پانی کو ہتھیار بنانا دہشت گردی ہے پاکستانی نمائندے نے خطاب میں سندھ طاس معاہدے کی معطلی غیر قانونی قرار دے کر اقوام متحدہ میں بھارتی الزامات مسترد کر دیئے۔ کہا بھارت اصل مسئلے سے توجہ (بقیہ نمبر 14)

لاہور ہائیکورٹ نے چوری کیس میں ویڈیو شہادت پیش کرنے کیلئے مہلت دیدی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سندر کے علاقے میں سونا اور دیگر گھریلو اشیاء کی چوری کے مقدمات میں نامزد ملزمان کی درخواست ضمانت پر سماعت کرتے ہوئے وکیل صفائی کو ویڈیو شہادت پیش کرنے کے لیے آئندہ سماعت تک مہلت دے دی۔ لاہور ہائیکورٹ (بقیہ نمبر 16)

معاون خصوصی ثانیہ عاشق نے فیصل آباد مریم نواز سکول برائے سپیشل چلڈرن، سنٹر آف ایکسی لینس کا افتتاح کر دیا

بچوں کیساتھ ملاقات، نئی سہولیات کے بارے میں عملے سے تفصیلی بریفنگ، بچوں کا وزیر اعلیٰ مریم نواز سے دل کی گہرائیوں سے اظہار تشکر

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر معاون خصوصی برائے ایجوکیشن ثانیہ عاشق نے فیصل آباد میں مریم نواز سکول برائے سپیشل چلڈرن، سنٹر آف ایکسی لینس کا دورہ کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت اسپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ خصوصی بچوں کے لیے شاندار اقدام کر رہا ہے۔ معاون خصوصی وزیر اعلیٰ ثانیہ عاشق نے سیکرٹری سپیشل ایجوکیشن اور ڈی جی اسپیشل ایجوکیشن کے ہمراہ مریم نواز سکول برائے سپیشل چلڈرن، (بقیہ نمبر 15)

لاہور: صوبائی وزیر سماجی بہبود و بیت المال و چیئرپرسن کونسل سہیل شوکت بٹ پنجاب کونسل آن دی رائٹس آف پرسنز ورڈس اسپیلٹیز کے 8 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

حکومت کی قومی زرعی بائیوٹیکنالوجی پالیسی کی منظوری

پالیسی سائنسدانوں، کسانوں، صنعتی نمائندوں، اداروں کے ڈھائی سالہ مشاورتی عمل کے بعد تیار کی گئی

لاہور (این این آئی) حکومت نے زرعی شعبے کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے کیلئے قومی زرعی بائیوٹیکنالوجی پالیسی کی منظوری دیدی۔ یہ پالیسی سائنسدانوں، کسانوں، صنعتی نمائندوں اور اداروں کے ڈھائی سالہ مشاورتی عمل کے بعد تیار کی گئی۔ پالیسی کا مقصد کسانوں کی مدد، غذائی تحفظ کو مستحکم، زرعی پیداوار میں اضافہ، ذمہ دارانہ سرمایہ کاری اور جدید زرعی ٹیکنالوجی کا فروغ ہے۔ جینیاتی طور پر تبدیل شدہ مکئی نے پاکستان کے مقررہ حفاظتی اور ریگولیٹری مراحل (بقیہ نمبر 28)

پاکستانی درخواست گزاروں کے لیے ویزا فیس میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا رہی، جاپانی قونصلیٹ

پاکستانی پاسپورٹ رکھنے والے درخواست گزار بدستور جاپانی ویزا فیس کی ادائیگی سے مستثنیٰ رہیں گے

کراچی (این این آئی) قونصل خانہ جاپان، کراچی نے بعض ذرائع ابلاغ اور سوشل میڈیا پر پاکستانی شہریوں کے لیے جاپانی ویزا فیس میں اضافے سے متعلق گردش کرنے والی خبروں کو گمراہ کن قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ پاکستانی درخواست گزاروں کے لیے ویزا فیس میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا رہی۔ قونصل خانے کی جانب سے جاری وضاحتی بیان میں کہا گیا ہے کہ جاپان کی حکومت یکم جولائی 2026 سے دنیا کے مختلف ممالک کے لیے (بقیہ نمبر 27)

لاہور صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین پرتگال کے قومی دن کی تقریب میں پرتگال کے سفیر اور دیگر کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں۔

نئے مالی سال کے بجٹ کے تحت معاشی اشاریوں میں نمایاں بہتری آئی ہے، وزیر خزانہ

معاشی اصلاحات اور موثر معاشی پالیسیوں سے پاکستان کی اقتصادی کارکردگی مسلسل بہتر ہو رہی ہے، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ نئے مالی سال کے بجٹ کے تحت پاکستان کے معاشی بنیادی اشاریوں میں نمایاں بہتری آئی ہے اور مالیاتی پائیداری مزید مضبوط ہوئی ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ایس اینڈ پی گلوبل ریٹنگز کے وفد نے ملاقات کی اور جس میں معاشی صورت حال، کریڈٹ پروفائل اور اصلاحاتی ایجنڈے پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 29)

لاہور: صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق ریسکیو ہیڈ کوارٹرز میں فلڈ پری پریشن کے لئے نئے سامان کا جائزہ لے رہے ہیں۔

خیبر پختونخوا، سرکاری دفاتر میں جمعہ کو ورک فرام ہوم کی سہولت ختم

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے جمعہ کے روز 100 فیصد ورک فرام ہوم کی سہولت ختم کر دی۔ محکمہ ایڈمنسٹریشن نے چھٹی ختم کرنے کا اعلامیہ جاری کر دیا، ورک فرام ہوم سے متعلق 17 مارچ 2026 کا نوٹیفکیشن فوری طور پر واپس لے لیا گیا۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ آئندہ سے جمعہ معمول کے مطابق سرکاری (بقیہ نمبر 30)

جی ڈی اے پاک چین فرینڈ شپ ہسپتال میں گزشتہ ماہ تقریباً 28 ہزار مریضوں کا مفت علاج کیا گیا

گوادر (این این آئی) جی ڈی اے پاک چین فرینڈ شپ ہسپتال گوادر نے جون 2026 کے دوران 27 ہزار 784 بیرونی مریضوں (او پی ڈی) کو طبی سہولیات فراہم کیں، جبکہ ہزاروں افراد کو مفت تشخیصی، علاج اور داخلے کی سہولیات بھی مہیا کی گئیں، جس سے گوادر اور ملحقہ علاقوں کے عوام کو معیاری صحت کی خدمات کی فراہمی کا سلسلہ مزید مستحکم ہوا۔ گوادر پرو کے (بقیہ نمبر 31)

حکومتِ پاکستان اور اٹلی کے درمیان 20 ملین یورو کے رعایتی قرضے کے معاہدہ پر دستخط

پاکستان اور اٹلی کے درمیان مضبوط اور دیرینہ ترقیاتی شراکت داری معاشی ترقی کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان اور حکومتِ جمہوریہ اٹلی کے درمیان 20 ملین یورو (تقریباً 3.6 ارب پاکستانی روپے) کے رعایتی قرضے کے معاہدے پر دستخط ہو گئے ہیں۔ اس معاہدے کا مقصد پاکستان کے قومی تکنیکی و پیشہ وارانہ تعلیم و تربیت (ٹی وی ای ٹی) اصلاحاتی پروگرام کے تحت زرعی شعبے میں پیشہ وارانہ استعداد کار کی ترقی اور توسیعی خدمات کے منصوبے کی مالی معاونت فراہم کرنا ہے۔ وزارت اقتصادی امور ڈویژن کی طرف (بقیہ نمبر 32)

پنجاب پولیس میں احتساب کا عمل جاری، ڈی ایس پی آپریشنز سول لائنز لاہور معطل

نااہلی، بدعنوانی اور اختیارات سے تجاوز پر محکمانہ انکوائری کا حکم، معطلی کا نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے پنجاب پولیس میں شفافیت، میرٹ اور احتساب کے عمل کو مزید مؤثر بناتے ہوئے ڈی ایس پی آپریشنز سول لائنز لاہور خرم شہزاد چیمہ کو فوری طور پر معطل کر کے سنٹرل پولیس آفس رپورٹ کرنے کے احکامات جاری کر دیئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ڈی ایس پی خرم شہزاد چیمہ کو نااہلی، بدعنوانی (بقیہ نمبر 18)

ڈپٹی کمشنر نارووال طیب خان کی زیر صدارت سپیشل پرائس مجسٹریٹس کا اہم اجلاس

نارووال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان کی زیر صدارت سپیشل پرائس مجسٹریٹس کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں جاری پرائس کنٹرول اقدامات اور سپیشل پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب

آٹے کی قیمت میں مزید اضافہ، 20 کلو تھیلے کی قیمت 2900 روپے سے تجاوز کر گئی

پشاور میں دو روز کے دوران 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 250 روپے کا اضافہ ہوا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے دارالحکومت میں 20 کلو آٹے کی قیمت 2900 روپے سے تجاوز کر گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق خیبر پختونخوا کے دارالحکومت میں دو روز کے دوران آٹے کے 20 کلو کے تھیلے کی قیمت میں 250 روپے کا اضافہ ہو گیا۔ حالیہ اضافے کے بعد پشاور میں 20 کلو آٹے کی قیمت 2900 روپے سے تجاوز کر گئی۔ اوپن مارکیٹ میں میدہ کی قیمتوں میں ایک بار پھر مزید اضافہ ہو گیا ہے۔ پشاور میں فائن آٹا، اسپیشل آٹا، کس (بقیہ نمبر 26)

پشاور، ممانی کے ساتھ مبینہ تعلقات پر بھانجے نے ماموں کو قتل کر دیا

10 روز قبل تھانہ متھرا میں ملزم نے اپنے ماموں کو فائرنگ کر کے قتل کیا، ساتھی سمیت گرفتار

پشاور (این این آئی) پشاور میں ممانی کیساتھ مبینہ تعلقات کے معاملے پر بھانجے نے ماموں کو راستے سے ہٹانے کیلئے قتل کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق پشاور کے علاقے متھرا میں 10 روز قبل شہری کے اندھے قتل کا واقعہ پیش آیا، جس پر ایس پی ورسک ڈویژن محمد ارشد خان، ڈی ایس پی ورسک سرکل ارباب نعیم حیدر کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ متھرا صدام ریاض (بقیہ نمبر 24)

ملک بھر میں مون سون بارشوں کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک میں جولائی کے پہلے ہفتے میں مون سون بارشوں کی پیش گوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 30 جون کی شام یا رات سے مغربی ہواؤں کا سلسلہ ملک میں داخل (بقیہ نمبر 25)

اشرافیہ کو سنے والے خود اشرافیہ بڑھ کر مراعات سمیٹ رہے ہیں، عظمیٰ بخاری

یہ لوگ چاہتے ہیں کہ ڈی چوک یا کور کمانڈر ہاؤس پر حملہ کریں اور انہیں کوئی پوچھنے والا نہ ہو، مصالحانوں کے اسمبلی میں داخلے کو حکومتی پسند و ناپسند سے مشروط کرنا آزادی صحافت پر حملہ ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے خیبر پختونخوا اسمبلی سے اراکین اسمبلی کی مراعات سے متعلق منظور کیے گئے بل کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بل رات کی تاریکی میں منظور کیا گیا اور عوام سے اس کی حقیقت چھپانے کی کوشش کی گئی۔ گزشتہ روز تک تحریک انصاف کے ترجمان اس بل کے وجود سے ہی انکار کرتے رہے لیکن اب حقیقت سب کے سامنے آ چکی ہے، (بقیہ نمبر 33)

لاہور: سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ ماڈل ٹاؤن اور کینٹ ڈویژن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کہوٹہ میں اڈیالہ جیل منتقلی کے دوران قیدی وین سے 14 قیدی فرار، 4 گرفتار، 10 کی تلاش جاری

کہوٹہ (این این آئی) کہوٹہ میں جیل منتقلی کے دوران قیدی وین سے 14 قیدی فرار ہو گئے جن میں سے 4 کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ 10 کی تلاش جاری ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق عدالت پیشی کے بعد قیدیوں کو اڈیالا جیل منتقل کیا جا رہا تھا کہ قیدی وین کو چیکنگ (بقیہ نمبر 35)

سپریم جوڈیشل کونسل، اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محمد آصف کیخلاف شکایت خارج

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محمد آصف کے خلاف شکایت سپریم جوڈیشل کونسل نے (بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد: انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد ایس آفس میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں مسائل سن رہے ہیں۔

سرگودھا میں مون سون سے قبل شہر میں نئی کھدائی فوری روکنے اور جاری منصوبوں کو جلد مکمل کرنے کا حکم

مون سون کے دوران بارشی پانی کے نکاس کے لیے قائم ٹینکس اور ڈرینج سسٹم کو مکمل طور پر فنکشنل رکھا جائے، ڈپٹی کمشنر

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں مون سون سے قبل شہر میں نئی کھدائی فوری روکنے اور جاری منصوبہ کو جلد مکمل کرنے کا حکم دے کر واسا اور متعلقہ اداروں کو 15 جولائی تک تمام ترقیاتی منصوبے مکمل کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چودھری نے مون سون سیزن کے پیش نظر واسا حکام کو شہر میں جاری میگا سیوریج منصوبے کے (بقیہ نمبر 34)

نارووال، شوہر نے مبینہ طور پر گلہ دبا کر بیوی کو قتل کرنے کے بعد آگ لگا دی

پولیس نے مقتولہ کے بھائی کی مدعیت میں شوہر سمیت چار سسرالیوں پر مقدمہ درج کر لیا

نارووال (این این آئی) غازیوال میں شوہر نے مبینہ طور پر گلہ دبا کر بیوی کو قتل کرنے کے بعد آگ لگا دی، پولیس نے مقتولہ کے بھائی کی مدعیت میں شوہر سمیت چار سسرالیوں پر مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ بتایا گیا ہے کہ موضع مالو کے کی رہائشی ندا شاہین (بقیہ نمبر 37)

بیرون ملک مقیم پاکستانی قومی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

پاکستانی سفارتی مشنز کو تجارت، برآمدات اور ٹیکنالوجی تعاون کے فروغ کے مراکز بنایا جائے گا، پاکستانی کمیونٹی سے خطاب

ملک کی ممتاز جامعات کے 300 اسٹارٹ اپس کو عالمی معیار کے ایکسیلیریشن پروگرامز سے منسلک کیا جائے گا

کیلیفورنیا (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی قومی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، تمام اختلافات سے بالاتر ہو کر "سب سے پہلے پاکستان" کے جذبے کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے۔ جمعرات کو وزارت منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات سے جاری بیان کے مطابق اپنے دورہ کیلیفورنیا کے دوران پاکستانی کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستانی کمیونٹی کے ساتھ ملاقات میں ملک کے معاشی مستقبل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی علم، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی کے ذریعے پاکستان کی ترقی میں موثر کردار ادا کر سکتے (بقیہ نمبر 33)

مودی کا دورہ آسٹریلیا، انسانی حقوق کی تنظیموں کا احتجاج کا اعلان

کینبرا / نئی دہلی (این این آئی) بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کے آسٹریلیا کے دورے کے دوران انسانی حقوق کی بین الاقوامی اور آسٹریلوی تنظیموں نے شدید احتجاج کا اعلان کیا ہے۔ تنظیموں نے آسٹریلوی (بقیہ نمبر 31)

انسانی حقوق کے اداروں کا انتہا پسند طالبان رجیم سے روابط پر یورپی یونین کو انتباہ

یورپی یونین نے افغان طالبان کے بدترین انسانی حقوق ریکارڈ کے باوجود اس رجیم کے ساتھ مذاکرات کیے، ہیومن رائٹس واچ

افغانستان کی خواتین اور لڑکیوں کو عوامی زندگی سے خارج کر کے ان کی آوازوں کو دبا دیا گیا ہے

کابل (این این آئی) عالمی انسانی حقوق کے اداروں کی جانب سے انتہا پسند طالبان رجیم سے روابط پر یورپی یونین کو انتباہ دیدیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق افغانستان پر قابض طالبان رجیم کے سخت گیر اور انتہا پسندانہ اقدامات پر عالمی ادارے اور انسانی حقوق (بقیہ نمبر 32)

محترمہ فاطمہ جناح ہر بہن، بیٹی کیلئے رول ماڈل کا درجہ رکھتی ہیں، مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی 59 ویں برسی پر خصوصی پیغام (بقیہ نمبر 16)

آبنائے ہرمز امریکی دھمکیوں سے نہیں کھلے گی، اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ

آبنائے ہرمز جب بھی کھلی ایرانی انتظامات، خودمختاری کے تحت کھولی جائے گی، قالیباف

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز ایرانی انتظامات، خودمختاری کے تحت کھولی جائے گی۔ ایک بیان میں ایرانی (بقیہ نمبر 15)

الفاظ کے پیچھے چھپے جذبات

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

انسان کی زندگی میں بہت سی ایسی باتیں شامل ہیں جو ہم روزانہ بولتے اور سنتے ہیں، لیکن ان کے اصل معنی صرف الفاظ تک محدود نہیں ہوتے بلکہ ان کے پیچھے گہرے جذبات اور احساسات چھپے ہوتے ہیں۔ ہماری زبان میں محبت، غم، خوشی اور درد کو بیان کرنے کے لیے ایسے الفاظ استعمال ہوتے ہیں جو حقیقت میں ایک کیفیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ جب کوئی شخص کہتا ہے کہ "کسی نے میرا دل توڑ دیا" تو حقیقت میں کسی نے جسمانی دل کو نقصان نہیں پہنچایا ہوتا، بلکہ یہ ایک جذباتی تکلیف کا اظہار ہوتا ہے۔ انسان کا دل صرف ایک جسمانی عضو نہیں بلکہ محبت، احساسات اور جذبات کی علامت بھی سمجھا جاتا ہے۔ سائنس کے مطابق دل کا بنیادی کام جسم میں خون پہنچانا ہے جبکہ جذبات، یادیں اور احساسات کا تعلق دماغ اور انسانی نفسیات سے بھی ہوتا ہے۔ لیکن انسان صدیوں سے دل کو جذبات کی علامت کے طور پر استعمال کرتا آیا ہے کیونکہ دل اور احساسات کا تعلق انسان کے تجربات میں بہت گہرا محسوس ہوتا ہے۔ اسی طرح جب ایک دادی اپنے نواسوں سے کہتی ہیں کہ "میرا دل تم لوگوں نے چرا لیا ہے" تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ واقعی کسی نے دل چرا لیا، بلکہ وہ اپنی محبت، شفقت اور بے پناہ پیار کا اظہار کر رہی ہوتی ہیں۔ انسانی زبان کا حسن یہی ہے کہ ایک چھوٹا سا جملہ بھی بہت بڑے جذبات کو بیان کر سکتا ہے۔ بعض اوقات الفاظ حقیقت سے زیادہ احساس کی ترجمانی کرتے ہیں اور انسان دوسرے کے جذبات کو سمجھ کر ان الفاظ کا مطلب جان لیتا ہے۔ اگر ہم قرآن کی زبان پر غور کریں تو وہاں بھی کئی مقامات پر ایسی تعبیرات ملتی ہیں جو انسان کے ظاہر کے ساتھ ساتھ اس کے باطن، سوچ اور روحانی کیفیت کو بیان کرتی ہیں۔ قرآن انسان کو صرف جسم نہیں بلکہ عقل، دل اور روح رکھنے والی مخلوق کے طور پر مخاطب کرتا ہے۔ قرآن میں "دل" کا ذکر کئی جگہ انسان کی اندرونی حالت، ایمان، سمجھ اور نیت کے معنی میں آتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انسانی وجود صرف نظر آنے والی چیزوں تک محدود نہیں بلکہ اس کے اندر ایک ایسی دنیا بھی ہے جو محسوس تو ہوتی ہے مگر ہمیشہ دکھائی نہیں دیتی۔ اسی طرح جب مذہبی تعلیمات میں شیطان، فرشتوں یا غیبی معاملات کا ذکر آتا ہے تو یہ ان حقیقتوں کی طرف اشارہ ہوتا ہے جو انسان کی آنکھوں سے پوشیدہ ہیں۔ انسان کی نظر محدود ہے، وہ ہر چیز کو نہیں دیکھ سکتا لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ چیز موجود نہیں۔ ہم اپنی روزمرہ زندگی میں بھی کئی ایسی چیزوں پر یقین رکھتے ہیں جو نظر نہیں آتیں۔ مثال کے طور پر ہوا نظر نہیں آتی مگر ہم اسے محسوس کرتے ہیں، محبت نظر نہیں آتی مگر اس کے اثرات انسان کی زندگی بدل دیتے ہیں۔ فرشتوں کا تصور بھی اسی غیبی دنیا سے تعلق رکھتا ہے جس پر ایمان رکھنے والے لوگ یقین رکھتے ہیں۔ اسلامی عقیدے کے مطابق فرشتے اللہ کے حکم کے مطابق مختلف ذمہ داریاں انجام دیتے ہیں اور انسان کو یہ احساس دلاتے ہیں کہ زندگی صرف ظاہری دنیا تک محدود نہیں۔ اسی طرح رزق کے بارے میں بھی یہی سمجھا جاتا ہے کہ اس کا اصل اختیار اللہ کے پاس ہے۔ انسان کوشش کرتا ہے، محنت کرتا ہے اور اسباب اختیار کرتا ہے، لیکن بہت سے معاملات ایسے ہوتے ہیں جہاں انسان کو اندازہ ہوتا ہے کہ زندگی میں بہت کچھ اس کے اختیار سے باہر بھی ہے۔ انسان کا وجود صرف جسم کا نام نہیں۔ ایک طرف جسمانی وجود ہے جسے ہم دیکھ سکتے ہیں، جس میں درد، تھکن اور بیماری محسوس ہوتی ہے، جبکہ دوسری طرف انسان کی روح، سوچ، احساسات اور شعور ہیں جو نظر نہیں آتے لیکن انسان کی اصل شخصیت بناتے ہیں۔ جسمانی درد کو ہم فوراً محسوس کر لیتے ہیں کیونکہ وہ ظاہری ہوتا ہے، لیکن تنہائی، غم، محبت، خوف اور اندرونی تکلیف ایسی کیفیتیں ہیں جنہیں صرف محسوس کیا جا سکتا ہے، دیکھا نہیں جا سکتا۔ یہی فرق انسان کو ایک منفرد مخلوق بناتا ہے۔ انسان صرف گوشت اور ہڈیوں کا مجموعہ نہیں بلکہ احساسات، خیالات، خوابوں اور روحانی پہلوؤں سے بھرا ہوا ایک مکمل وجود ہے۔ دنیا میں بہت سی چیزیں ایسی ہیں جنہیں سائنس اپنے طریقے سے سمجھنے کی کوشش کرتی ہے، جبکہ مذہب انسان کو زندگی کے مقصد، اخلاق، روحانیت اور ان حقیقتوں کے بارے میں سوچنے کی دعوت دیتا ہے جو نظر سے اوجھل ہیں۔ ہمیں یہ سمجھنا چاہیے کہ ہر بات کو صرف ظاہری معنی میں لینا ضروری نہیں ہوتا۔ زبان کے کئی الفاظ ایسے ہیں جو حقیقت کے بجائے احساس اور کیفیت بیان کرتے ہیں۔ جب کوئی کہتا ہے کہ "تم نے میرا دل جیت لیا" تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ کسی نے دل حاصل کر لیا، بلکہ اس کا مطلب محبت، اعتماد اور عزت حاصل کرنا ہوتا ہے۔ اسی طرح جب کوئی کہتا ہے کہ "میرا دل ٹوٹ گیا" تو وہ اپنے اندر کے درد کو بیان کر رہا ہوتا ہے۔ یہ درد جسم پر نظر نہیں آتا لیکن انسان کے رویے، سوچ اور زندگی پر گہرا اثر ڈال سکتا ہے۔ انسان کی زندگی میں جسم اور روح دونوں کی اہمیت ہے۔ جسم کی دیکھ بھال کے لیے علاج، آرام اور صحت ضروری ہے جبکہ روح اور دل کی مضبوطی کے لیے محبت، اچھے اعمال، امید اور مثبت سوچ ضروری ہے۔ زندگی کا حسن اسی توازن میں ہے کہ انسان دنیاوی حقیقتوں کو بھی سمجھے اور اپنی اندرونی دنیا کو بھی پہچانے۔ صرف ظاہری چیزوں پر توجہ دینے سے انسان اپنی شخصیت کے ایک بڑے حصے کو نظر انداز کر دیتا ہے۔ انسان جتنا زیادہ سوچتا اور سیکھتا ہے، اتنا ہی اسے احساس ہوتا ہے کہ کائنات کتنی وسیع ہے اور انسانی سمجھ کتنی محدود۔ بہت سی حقیقتیں ایسی ہیں جو وقت کے ساتھ انسان پر واضح ہوتی جاتی ہیں۔ جو چیز نظر نہیں آتی وہ لازماً غیر موجود نہیں ہوتی۔ کچھ حقیقتیں آنکھوں سے نہیں بلکہ عقل، احساس، تجربے اور یقین کے ذریعے سمجھی جاتی ہیں، اور یہی انسانی زندگی کی گہرائی ہے۔

معذرت کے ساتھ

رائے شماری

پروفیسر رائے غلام رسول فہیم کھرل
03041648400
ghulamrasoolfaheem62@gmail.com

کبھی کسی مزدور کے پھٹے ہوئے ہاتھوں کو غور سے دیکھیے، کسی کسان کے دھوپ سے جھلسے ہوئے چہرے پر برسوں کی محنت کا نوحہ پڑھیے، کسی بیوہ ماں کی خاموش آنکھوں میں اترتی ہوئی تنہائی کو محسوس کیجیے، کسی یتیم بچے کی ادھوری خواہشوں کی چاپ سنیے، کسی بے روزگار نوجوان کے چہرے پر جمی ہوئی بے بسی کو پڑھیے، کسی طالب علم کو ڈگری ہاتھ میں لیے مستقبل کے بند دروازوں پر دستک دیتے دیکھیے، کسی سرکاری ملازم کو مہنگائی کے سامنے اپنی تنخواہ کی بے وقعتی پر کڑھتے دیکھیے، کسی نجی ملازم کو ملازمت کے عدم تحفظ میں ہر روز جیتے اور مرتے دیکھیے، کسی ریٹائرڈ بزرگ کو عمر بھر کی جمع پونجی کو مہنگائی کی نذر ہوتے دیکھیے، کسی بیمار باپ کو دوا اور بچوں کی فیس کے درمیان فیصلہ کرتے دیکھیے، کسی ماں کو خالی برتنوں کے درمیان بچوں کو تسلی دیتے دیکھیے، کسی بہن کو جہیز کی رسموں کے بوجھ تلے اپنی جوانی سمٹتے دیکھیے، کسی بیٹی کو تعلیم، عزت اور محفوظ مستقبل کے خواب آنکھوں میں سجائے فکرمند دیکھیے، کسی چھوٹے دکاندار کو گاہکوں کے انتظار میں ویران دکان کے دروازے پر نظریں جمائے دیکھیے، کسی صنعت کار کو بڑھتی لاگت اور گھٹتے کاروبار کی فکر میں گھلتے دیکھیے، کسی مریض کو ہسپتال کے برآمدے میں علاج کا منتظر دیکھیے، کسی پنشنر کو اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے حساب لگاتے دیکھیے، کسی معذور شخص کو سہولتوں سے محروم زندگی کا بوجھ اٹھاتے دیکھیے، اور پھر اپنے دل سے پوچھیے کہ آخر اس ملک کا عام آدمی کس جرم کی سزا کاٹ رہا ہے؟ اگر اس کے بعد بھی دل میں درد کی ایک لہر نہ اٹھے تو شاید ہم نے صرف انسانوں کو نہیں، انسانیت کو بھی محسوس کرنا چھوڑ دیا ہے۔ پاکستان کا عام شہری آج صرف مہنگائی، بے روزگاری اور غیر یقینی حالات سے نہیں لڑ رہا، بلکہ اسے یہ احساس بھی ستا رہا ہے کہ ریاست کے ہر ستون سے اس کی توقعات بڑھتی ہیں، مگر اس کی مشکلات کم ہونے کے بجائے بڑھتی چلی جا رہی ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ ریاست کے تمام ادارے بی پارلیمان، حکومت، عدلیہ، مسلح افواج، پولیس، سول بیوروکریسی، احتسابی ادارے، مقامی حکومتیں اور دیگر قومی ادارے بی آئین کے مطابق ملک کی خدمت اور عوام کے تحفظ کے لیے قائم کیے گئے ہیں۔ جب یہ ادارے مؤثر، شفاف اور اپنی آئینی حدود میں کام کرتے ہیں تو عوام کا اعتماد مضبوط ہوتا ہے۔ لیکن جب سیاسی کشمکش، انتظامی کمزوریاں، بدعنوانی، تاخیر، ناقص حکمرانی یا اختیارات کے استعمال پر سوالات جنم لیتے ہیں تو اس کا سب سے بڑا بوجھ عام شہری کے کندھوں پر آ پڑتا ہے۔ آج سوال یہ نہیں کہ قصور کس ایک ادارے کا ہے؛ اصل سوال یہ ہے کہ کیا ہر ادارہ اپنی آئینی ذمہ داری پوری دیانت، شفافیت اور جواب دہی کے ساتھ ادا کر رہا ہے؟ اگر جواب مکمل اطمینان بخش نہیں، تو پھر اصلاح کی ضرورت بھی سب کو ہے۔ عوام کو نہ اداروں کی باہمی کشمکش سے غرض ہے، نہ سیاسی نعروں سے؛ انہیں صرف امن، انصاف، روزگار، تعلیم، علاج اور باوقار زندگی چاہیے۔ ریاست کی اصل طاقت اس کے ادارے ضرور ہوتے ہیں، مگر ریاست کی اصل روح اس کے عوام ہوتے ہیں۔ اگر عوام ہی مایوسی، اضطراب اور معاشی دباؤ کا شکار ہوں تو ترقی کے تمام دعوے ادھورے رہ جاتے ہیں۔ اس لیے وقت کا تقاضا ہے کہ تمام ادارے آئین کی روح، قانون کی حکمرانی اور باہمی تعاون کے ساتھ عوامی فلاح کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ آج پاکستان کا عام آدمی جب صبح اپنے گھر سے نکلتا ہے تو اس کے ذہن میں خوابوں سے زیادہ خدشات ہوتے ہیں۔ اسے معلوم نہیں ہوتا کہ شام تک آٹے، چینی، گھی، بجلی، گیس یا پٹرول کی قیمت کہاں پہنچ جائے گی۔ اسے یہ فکر کھائے جاتی ہے کہ اگر وہ بیمار ہو گیا تو علاج کہاں سے کرائے گا، اگر اس کا بچہ اعلیٰ تعلیم حاصل بھی کر لے تو کیا اسے روزگار ملے گا، اور اگر انصاف کے لیے کسی دروازے پر دستک دے تو کتنے برس اس کی زندگی انتظار کی نذر ہو جائیں گے۔ یہ ملک وسائل سے محروم نہیں، صلاحیتوں سے خالی نہیں، قربانی دینے والے عوام سے بھی تہی دامن نہیں۔ اس سرزمین نے جنگیں بھی دیکھی ہیں، قدرتی آفات بھی برداشت کی ہیں، دہشت گردی کا مقابلہ بھی کیا ہے، اور ہر بحران میں اپنے اداروں کے ساتھ کھڑی بھی رہی ہے۔ مگر آج یہی عوام یہ سوال پوچھنے پر مجبور ہیں کہ ان کی مسلسل قربانیوں کا صلہ آخر کب ملے گا؟ ریاست کا ہر ادارہ اپنی اہمیت رکھتا ہے۔ پارلیمان قانون سازی کے لیے، حکومت انتظام و انصرام کے لیے، عدلیہ انصاف کی فراہمی کے لیے، مسلح افواج قومی سلامتی کے لیے، پولیس شہریوں کے تحفظ کے لیے، سول بیوروکریسی عوامی خدمت کے لیے، اور احتسابی ادارے شفافیت کے لیے وجود رکھتے ہیں۔ جب ان میں سے کسی ایک کی کارکردگی کمزور پڑتی ہے تو اس کا اثر پورے نظام پر پڑتا ہے، اور جب متعدد شعبوں میں کمزوریاں جمع ہونے لگیں تو سب سے زیادہ تکلیف عام شہری کو اٹھانی پڑتی ہے۔ افسوس اس بات کا ہے کہ ہر بحران میں قربانی عوام سے مانگی جاتی ہے۔ بجلی مہنگی ہو تو عوام برداشت کریں، ٹیکس بڑھیں تو عوام ادا کریں، مہنگائی آئے تو عوام صبر کریں، روزگار کم ہو تو عوام خود کو حالات کے مطابق ڈھالیں۔ مگر عوام جب یہ پوچھیں کہ ریاستی کارکردگی میں بہتری کب آئے گی، شفافیت کب بڑھے گی، اور جواب دہی سب کے لیے یکساں کب ہوگی، تو ان سوالات کا جواب اکثر ہندلا دکھائی دیتا ہے۔ ایک مزدور کی ساری زندگی مشقت میں گزر جاتی ہے، لیکن وہ اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کا خواب پورا نہیں کر پاتا۔ ایک کسان سارا سال زمین سے رزق اگاتا ہے، مگر اپنے ہی گھر میں معاشی تنگی کا شکار رہتا ہے۔ ایک سرکاری ملازم مہنگائی کے سامنے بے بس ہے، ایک نجی ملازم ملازمت کے عدم تحفظ سے خوف زدہ ہے، اور ایک نوجوان ڈگری ہاتھ میں لیے مستقبل کے دروازے کھٹکھٹا رہا ہے۔ یہ وہ تصویریں ہیں جنہیں کسی ایک فرد یا ایک ادارے سے نہیں، بلکہ مجموعی حکمرانی کے معیار سے جوڑ کر دیکھنے کی ضرورت ہے۔ قومیں صرف مضبوط عمارتوں، شاہراہوں اور منصوبوں سے نہیں بنتیں، بلکہ انصاف، اعتماد اور امید سے بنتی ہیں۔ اگر ایک عام شہری اپنے ہی ملک میں خود کو غیر محفوظ، غیر سنا ہوا یا مسلسل مشکلات میں گھرا محسوس کرے تو ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ کمزور ہونے لگتا ہے۔ اس اعتماد کو بحال کرنا تمام اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ آخر میں یہی کہنا مناسب ہوگا کہ عوام کسی معجزے کا مطالبہ نہیں کرتے۔ وہ صرف یہ چاہتے ہیں کہ ان کی محنت کا احترام ہو، ان کے ووٹ کی عزت ہو، ان کے بچوں کا مستقبل محفوظ ہو، قانون سب پر یکساں لاگو ہو، اور ہر ادارہ آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنی ذمہ داری پوری دیانت اور احساسِ جواب دہی کے ساتھ ادا کرے۔ یہ سوال آج بھی فضاؤں میں گونج رہا ہے: "ہمارا کیا قصور ہے؟ ہمیں جینے کیوں نہیں دیتے؟" اس سوال کا جواب نعروں میں نہیں، بلکہ بہتر حکمرانی، مؤثر اداروں، شفاف احتساب، قانون کی بالادستی اور عوامی خدمت میں پوشیدہ ہے۔ جس دن ریاست کے تمام ستون اپنے اپنے آئینی کردار کو پوری ذمہ داری سے نبھائیں گے، اسی دن شاید ایک مزدور، ایک کسان، ایک طالب علم، ایک ماں اور ایک بزرگ شہری کی آنکھوں میں مایوسی کی جگہ امید واپس آ جائے گی۔ یہی وہ دن ہوگا جب عوام محسوس کریں گے کہ واقعی انہیں جینے کا حق مل گیا ہے۔ ان شاید ایک مزدور، ایک کسان، ایک

شمر

تحریروں کی نگری

میاں کلیم جہانگیر
kaleemjahangir01@gmail.com

تاریخ اسلام میں چند ایسے کردار ہیں جن کے نام ظلم، سنگ دلی اور اقتدار کی اندھی خواہش کی علامت بن چکے ہیں۔ انہی ناموں میں ایک نام شمر بن ذی الجوشن کا بھی ہے۔ اگرچہ شمر کی پوری زندگی مختلف سیاسی اور عسکری واقعات سے عبارت ہے لیکن دنیا اسے سب سے زیادہ واقعۂ کربلا کے حوالے سے جانتی ہے۔ تاریخ کے صفحات پر اس کا ذکر آتے ہی انسان کے ذہن میں ظلم، بے رحمی اور اخلاقی زوال کی تصویر ابھر آتی ہے۔ یہ حقیقت بھی اپنی جگہ موجود ہے کہ کسی تاریخی شخصیت کا مطالعہ جذبات سے ہٹ کر مستند روایات اور تاریخی مصادر کی روشنی میں کیا جانا چاہیے تاکہ واقعات کو ان کے اصل تناظر میں سمجھا جا سکے۔ شمر بن ذی الجوشن قبیلہ ہوازن کی ایک شاخ بنو عامر سے تعلق رکھتا تھا۔ بعض تاریخی روایات کے مطابق وہ ابتدائی دور میں مسلمان ہوا اور بعض جنگوں میں بھی شریک رہا لیکن وقت گزرنے کے ساتھ اس کی سیاسی وابستگیاں تبدیل ہوتی رہیں۔ حضرت علیؓ کے دورِ خلافت میں جنگِ صفین میں اس کی موجودگی کا بھی ذکر ملتا ہے تاہم بعد کے حالات میں اس نے بنوامیہ کی حکومت کا ساتھ اختیار کیا اور اقتدار کے قریب رہنے کو ترجیح دی۔ یہی وہ موڑ تھا جہاں اس کی شخصیت پر سیاسی مفادات کا رنگ غالب آتا دکھائی دیتا ہے۔ سن 61 ہجری میں جب حضرت امام حسینؓ نے یزید کی بیعت سے انکار کیا اور کوفہ کی جانب روانہ ہوئے تو تاریخ نے ایک ایسا باب دیکھا جس نے ہمیشہ کے لیے حق اور باطل کی کشمکش کو ایک نئی معنویت عطا کر دی۔ کربلا کے میدان میں عبیداللہ بن زیاد کی جانب سے بھیجے گئے لشکر میں شمر بھی شامل تھا۔ متعدد تاریخی روایات کے مطابق وہ نہ صرف جنگ میں سرگرم کردار ادا کرتا رہا بلکہ اس نے عمر بن سعد پر سخت دباؤ بھی ڈالا کہ امام حسینؓ کے خلاف کارروائی میں کسی قسم کی نرمی نہ برتی جائے۔ واقعۂ کربلا کی سب سے المناک روایت یہی ہے کہ امام حسینؓ کی شہادت کے وقت شمر کو ایک مرکزی کردار کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ اگرچہ مختلف تاریخی کتب میں تفصیلات میں معمولی اختلافات موجود ہیں، لیکن مسلم مورخین کی اکثریت اس بات پر متفق ہے کہ شمر نے اس سانحے میں اہم کردار ادا کیا اور اسی وجہ سے اس کا نام تاریخ میں نفرت اور مذمت کی علامت بن گیا۔ یہی وجہ ہے کہ صدیوں گزرنے کے باوجود جب بھی کربلا کا ذکر ہوتا ہے تو شمر کا نام ظلم کے استعارے کے طور پر لیا جاتا ہے۔ کسی بھی معاشرے میں افراد کے کردار صرف ان کے اعمال سے نہیں بلکہ ان اعمال کے نتائج سے بھی پہچانے جاتے ہیں۔ شمر نے شاید وقتی اقتدار، انعام یا سیاسی قربت حاصل کرنے کی امید میں وہ راستہ اختیار کیا جو وقتی طور پر طاقتور طبقے کو مطلوب تھا لیکن تاریخ نے اس کے نام کو عزت کے مفاد میں تھا لیکن تاریخ نے اس کے نام کو عزت نہیں بلکہ بدنامی کے ساتھ محفوظ کیا۔ یہ تاریخ کا ایک اٹل اصول ہے کہ اقتدار عارضی ہوتا ہے جبکہ کردار ہمیشہ باقی رہتا ہے۔ اگر شمر کی شخصیت کا غیر جانبدارانہ تجزیہ کیا جائے تو اس میں کئی پہلو سامنے آتے ہیں۔ ایک پہلو سیاسی مفاد پرستی کا ہے، جہاں اقتدار کی خاطر اخلاقی اصولوں کو پسِ پشت ڈال دیا گیا۔ دوسرا پہلو شدت پسندی کا ہے، جہاں مخالف کو صرف شکست دینا کافی نہیں سمجھا گیا بلکہ ہر ممکن سختی اختیار کی گئی۔ تیسرا پہلو بصیرت کے فقدان کا ہے، کیونکہ تاریخ میں بعض فیصلے صرف اپنے وقت تک محدود نہیں رہتے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے بھی مثال بن جاتے ہیں۔ شمر ان حقیقت کو نہ سمجھ سکا کہ ایک لمحے کا فیصلہ صدیوں تک اس کے نام کے ساتھ جڑا رہے گا۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ تاریخ کو صرف جذبات کی بنیاد پر نہیں بلکہ تحقیق کی روشنی میں پڑھنا چاہیے۔ مختلف مورخین نے شمر کے کردار اور اس کے اقدامات پر اپنی اپنی روایات نقل کی ہیں، تاہم اس بات پر تقریباً اتفاق پایا جاتا ہے کہ واقعۂ کربلا میں اس کا کردار منفی اور قابلِ مذمت تھا۔ اسی لیے اسلامی تاریخ، ادب اور عوامی شعور میں شمر ایک ایسے شخص کے طور پر یاد کیا جاتا ہے جس نے اقتدار کی خاطر اخلاقی اقدار کو نظر انداز کیا۔ آج کے دور میں شمر کی شخصیت صرف ایک تاریخی کردار نہیں بلکہ ایک علامت بن چکی ہے۔ جب کوئی شخص طاقت کے نشے میں انصاف کو پامال کرتا ہے، جب ذاتی مفاد کو حق پر ترجیح دیتا ہے یا جب ظلم کو اپنی کامیابی کا ذریعہ سمجھتا ہے تو لوگ اسے شمر کے کردار سے تشبیہ دیتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض شخصیات تاریخ سے نکل کر سماجی اور اخلاقی استعارے بن جاتی ہیں۔ واقعۂ کربلا نے دنیا کو یہ سبق دیا کہ ظلم وقتی طور پر غالب آ سکتا ہے لیکن اخلاقی فتح ہمیشہ حق کے حصے میں آتی ہے۔ شمر کا انجام اس حقیقت کی یاد دہانی کراتا ہے کہ انسان اپنے منصب، دولت یا طاقت سے زیادہ اپنے کردار سے پہچانا جاتا ہے۔ اقتدار ختم ہو جاتا ہے حکومتیں بدل جاتی ہیں، مگر اعمال کا اثر تاریخ کے حافظے میں باقی رہتا ہے۔ اسی لیے شمر کا نام عزت، بہادری یا قیادت کی علامت نہیں بلکہ ظلم، بے رحمی اور غلط فیصلوں کے انجام کے طور پر یاد رکھا جاتا ہے۔ یہی تاریخ کا سب سے بڑا اور غیر متبدل فیصلہ بہادری یا قیادت کی علامت نہیں بلکہ ظلم،

قیادت، استحکام اور ابھرتا ہوا پاکستان

ضربِ مومن

واجد علی تونسوی
Wajidalitaunsvi2599@gmail.com

بین الاقوامی سیاست میں کسی بھی ریاست کی اہمیت صرف اس کی عسکری طاقت سے متعین نہیں ہوتی، بلکہ داخلی استحکام، مضبوط معیشت، مؤثر سفارت کاری، قومی یکجہتی اور بحرانوں سے نمٹنے کی صلاحیت بھی اس کے عالمی مقام کا تعین کرتی ہے۔ اکیسویں صدی میں قومی سلامتی کا تصور نمایاں طور پر تبدیل ہو چکا ہے۔ اب صرف سرحدوں کا دفاع ہی کافی نہیں سمجھا جاتا بلکہ اقتصادی استحکام، سماجی ہم آہنگی، داخلی امن، مضبوط ادارے، جدید ٹیکنالوجی اور فعال خارجہ پالیسی کو بھی قومی سلامتی کا لازمی حصہ تصور کیا جاتا ہے۔ اسی تناظر میں گزشتہ چند برسوں کے دوران پاکستان کی سلامتی پالیسی، علاقائی کردار اور سفارتی حکمتِ عملی پر نئی بحث جنم لے رہی ہے۔ جنرل سید عاصم منیر نے 29 نومبر 2022 کو چیف آف آرمی اسٹاف کی حیثیت سے پاک فوج کی قیادت ایسے وقت سنبھالی جب پاکستان کو بیک وقت متعدد چیلنجز کا سامنا تھا۔ مشرقی سرحد پر بھارت کے ساتھ کشیدگی برقرار تھی، مغربی سرحد پر دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہو رہا تھا، جبکہ اندرونِ ملک معاشی مشکلات، سیاسی تقسیم اور سماجی بے چینی ریاست کے لیے ایک بڑا امتحان بن چکی تھیں۔ ایسے حالات میں قومی سلامتی کو صرف عسکری نقطۂ نظر سے نہیں، بلکہ ایک جامع قومی حکمتِ عملی کے تحت آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی۔ اس حکمتِ عملی کا ایک بڑا امتحان 2025 میں اس وقت سامنے آیا جب مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں ہونے والے حملے کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان شدید کشیدگی پیدا ہوئی۔ بھارت نے پاکستان پر الزامات عائد کیے جنہیں پاکستان نے مسترد کرتے ہوئے شفاف اور غیر جانب دار تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ بعد ازاں دونوں ممالک کے درمیان فضائی، میزائل اور ڈرون کارروائیوں نے خطے میں تشویش کی لہر دوڑا دی اور عالمی برادری نے کشیدگی کم کرنے پر زور دیا۔ پاکستانی حکومت کے مطابق 10 مئی 2025 کو پاکستان نے بھارتی حملوں کے جواب میں آپریشن بنیان المرصوص شروع کیا، جسے وفاقی اور جوابی کارروائی قرار دیا گیا۔ چند روز تک جاری رہنے والی کشیدگی کے بعد مختلف دوست ممالک کی سفارتی کوششوں کے نتیجے میں جنگ بندی ممکن ہوئی۔ بعد ازاں وفاقی کابینہ نے جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دی اور اس فیصلے کی وجہ آپریشن کے دوران ان کی قیادت کو قرار دیا۔ اسی تناظر میں حکومت نے مسلح افواج اور قومی یکجہتی کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے یومِ تشکر بھی منایا۔ ان واقعات کے بعد پاکستان کی دفاعی سفارت کاری بھی زیادہ متحرک دکھائی دی۔ چین کے ساتھ اسٹریٹجک تعاون، سعودی عرب، ترکی، آذربائیجان اور متحدہ عرب امارات کے ساتھ اعلیٰ سطحی روابط، مشترکہ فوجی مشقیں اور دفاعی تعاون اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ پاکستان اپنی خارجہ پالیسی میں سلامتی اور اقتصادی تعاون کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنے کی کوشش کر رہا ہے۔ حامی حلقوں کے نزدیک یہ پاکستان کے بڑھتے ہوئے علاقائی اثر و رسوخ کی علامت ہے، جبکہ بعض تجزیہ نگار اس کے دیرپا نتائج کو معاشی استحکام، سیاسی تسلسل اور ادارہ جاتی مضبوطی سے مشروط قرار دیتے ہیں۔ بیرونی محاذ کے ساتھ ساتھ داخلی سلامتی بھی پاکستان کے لیے ایک بڑا چیلنج رہی۔ تحریکِ طالبان پاکستان، بلوچستان میں سرگرم مسلح گروہوں اور دیگر شدت پسند عناصر کی کارروائیوں کے پیشِ نظر وفاقی حکومت نے 22 جون 2024 کو عزمِ استحکام کے نام سے قومی انسدادِ دہشت گردی حکمتِ عملی کی منظوری دی۔ حکومتی مؤقف کے مطابق اس کا مقصد صرف فوجی کارروائیاں کرنا نہیں بلکہ انٹیلی جنس اداروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مؤثر تعاون کو مزید مضبوط بنانا بھی تھا۔ اس پالیسی پر مختلف سیاسی جماعتوں اور مبصرین نے مختلف آراء کا اظہار کیا، تاہم حکومت نے اسے دہشت گردی کے خلاف قومی حکمتِ عملی کا اہم ستون قرار دیا۔ اسی دوران انٹیلی جنس بنیادوں پر متعدد کارروائیوں میں کئی دہشت گرد ہلاک یا گرفتار ہوئے، جبکہ سکیورٹی فورسز کے افسران اور جوانوں نے بھی اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ یہ قربانیاں اس حقیقت کی یاد دلاتی ہیں کہ داخلی امن صرف عسکری طاقت سے نہیں بلکہ قومی عزم، مضبوط اداروں، عوامی تعاون اور قانون کی مؤثر شمولیت کی سے بھی وابستہ ہوتا ہے۔ داخلی استحکام کے تناظر میں مذہبی ہم آہنگی کا پہلو بھی قابلِ توجہ رہا۔ مختلف مواقع پر جنرل بعد ازاں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے مختلف مکاتبِ فکر کے علماء و مشائخ سے ملاقاتیں کیں، جن میں قومی اتحاد، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، دہشت گردی کے خلاف مشترکہ مؤقف اور امن و استحکام کے موضوعات زیرِ بحث آئے۔ حامی حلقے ان ملاقاتوں کو قومی سلامتی کی وسیع حکمتِ عملی کا حصہ قرار دیتے ہیں، جبکہ بعض مبصرین ان کے اثرات کا جائزہ طویل المدت تناظر میں لینے کی ضرورت پر زور دیتے ہیں۔ پاکستان جیسے مذہبی اور ثقافتی تنوع رکھنے والے معاشرے میں قومی اتحاد بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ جب ریاستی ادارے مذہبی قیادت، سیاسی قوتیں اور عوام مشترکہ قومی مقاصد پر یکسو ہوں تو انتہا پسندی کے امکانات محدود ہونے لگتے ہیں۔ اسی لیے جدید ریاستیں قومی سلامتی کو صرف عسکری قوت تک محدود نہیں رکھتیں بلکہ سماجی ہم آہنگی، داخلی استحکام اور قومی یکجہتی کو بھی اس کا لازمی جزو سمجھتی ہیں۔ خارجہ پالیسی کے میدان میں بھی پاکستان نے توازن برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے۔ چین کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری، خلیجی ممالک کے ساتھ معاشی تعاون، ترکی اور آذربائیجان کے ساتھ دفاعی روابط اور وسطی ایشیا کے ساتھ اقتصادی روابط کے فروغ کی کوششیں اس امر کی نشاندہی کرتی ہیں کہ پاکستان اپنی جغرافیائی اہمیت کو معاشی مواقع میں تبدیل کرنا چاہتا ہے۔ اگر یہ سفارتی اور دفاعی تعاون سرمایہ کاری، تجارت، توانائی اور صنعتی شراکت داری کی صورت میں مزید آگے بڑھتا ہے تو اس کے مثبت اثرات قومی معیشت پر بھی مرتب ہو سکتے ہیں۔ اس کے باوجود یہ حقیقت نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ کسی بھی ریاست کی عالمی حیثیت صرف عسکری کامیابیوں سے مستحکم نہیں ہوتی۔ مضبوط معیشت، شفاف طرزِ حکمرانی، سیاسی استحکام، آزاد ادارے، قانون کی بالادستی، معیاری تعلیم، سائنسی تحقیق اور ٹیکنالوجی میں ترقی وہ عوامل ہیں جو کسی بھی ملک کو مستقل عالمی وقار عطا کرتے ہیں۔ دفاعی کامیابیوں کے ساتھ اگر ان شعبوں میں بھی تسلسل کے ساتھ اصلاحات جاری رہیں تو پاکستان اپنے نوجوان انسانی وسائل، قدرتی وسائل اور اہم جغرافیائی محلِ وقوع سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے حامیوں کے مطابق ان کی قیادت میں دفاع، سفارت کاری اور داخلی سلامتی کو ایک جامع قومی حکمتِ عملی کے تحت آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی، جبکہ ناقدین اس کا جائزہ جمہوری اداروں، معاشی کارکردگی، سیاسی استحکام اور آئینی عمل کے تناظر میں لیتے ہیں۔ یہی اختلافِ رائے کسی بھی جمہوری معاشرے کی فکری پختگی اور صحت مند قومی مباحثے کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان کے پاس نوجوان آبادی، پیشہ ورانہ مسلح افواج، قدرتی وسائل اور انتہائی اہم جغرافیائی محلِ وقوع جیسے بے شمار مواقع موجود ہیں۔ اگر قومی اتحاد، پالیسیوں کا تسلسل،

بقیہ | 1

ط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق انہوں نے پاکستان اور یورپی یونین کے تعاون کے مختلف پہلوں کے علاوہ علاقائی اور عالمی اہمیت کے امور پر بھی خیالات کا تبادلہ کیا۔ دیرپا ترقی، علاقائی استحکام اور عالمی اقتصادی انضمام میں رابطہ (کنیکٹیویٹی) کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے فریقین نے پاکستان اور کروشیا کی بندرگاہوں کے درمیان تعاون کے امکانات اور مواقع پر بھی بات چیت کی۔ دونوں ممالک نے رواں سال یا 2027 کے اوائل میں دوطرفہ سیاسی مشاورت کے انعقاد پر اتفاق کیا۔ یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ قبل ازیں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کروشیا کے وزیر برائے خارجہ و یورپی امور ڈاکٹر گورڈن گرلیچ ریڈمین اور کروشین وفد کا وزارت خارجہ آمد پر استقبال کیا۔ بعد ازاں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیرِاعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ افغانستان میں موجود دہشت گرد تنظیمیں پاکستان کی سلامتی کے لیے مسلسل خطرہ ہیں، کسی بھی ملک خصوصاً پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ عالمی برادری کو دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مشترکہ کوششیں تیز کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی، پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کی خلاف ورزی ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت خطے میں امن کے فروغ کی اہم پیش رفت ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کروشین وزیر خارجہ نے کہا کہ میرا دورہ پاکستان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور کروشیا کے تعلقات باہمی احترام اور اعتماد کی بنیاد پر استوار ہیں۔

بقیہ | 2

ڈیٹا سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایران کے لاکھوں بیرل خام تیل سے لدے ٹینکر آبنائے ہرمز سے لے کر آبنائے ملاکا تک مختلف مقامات پر یا تو سفر کر رہے ہیں یا لنگر انداز ہیں، جس کے باعث ان کی ترسیل غیر یقینی صورتحال کا شکار ہوگئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اگر خطے میں کشیدگی برقرار رہی اور امریکا نے ایران کے خلاف بحری ناکا بندی مزید سخت کر دی تو تقریباً 5 کروڑ بیرل خام تیل اور ریفائنڈ پیٹرولیم مصنوعات بھی برآمد نہ ہو سکیں گی۔ واضح رہے کہ امریکا نے گزشتہ روز آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کو نشانہ بنانے کا الزام ایران پر عائد کرتے ہوئے ایرانی تیل کی فروخت پر پابندیاں دوبارہ نافذ کر دی تھیں۔ امریکی محکمہ خزانہ نے ایران کو تیل فروخت کے لیے دی گئی رعایت کی مدت بھی کم کر دی ہے۔ اس سے قبل ایران کو 21 اگست تک تیل فروخت کرنے کی اجازت حاصل تھی، تاہم نئی پابندیوں کے تحت یہ مدت محدود کر کے 17 جولائی تک کر دی گئی ہے، جس سے ایران کی تیل برآمدات اور معیشت پر مزید دباؤ بڑھنے کا امکان ظاہر کیا جا رہا

بقیہ | 3

ترین سطح پر پہنچ چکی ہیں، پاکستان کی سمندری خوراک کی برآمدات 56 کروڑ 80 لاکھ ڈالرز ہوگئی ہیں۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے بتایا کہ بلیو اکانومی اصلاحات سے سمندری خوراک کی برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ ان کے مطابق فروزن مچھلی سب سے بڑی برآمدی سمندری مصنوعات رہی جبکہ مچھلی کی بڑی برآمدی منڈیاں چین، جاپان، سعودی عرب، امریکا سمیت 10 ممالک رہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ علاقائی چیلنجز کے باوجود ریکارڈ برآمدات حاصل ہوئیں اور میرین فشریز ڈپارٹمنٹ نے عالمی معیار برقرار رکھا۔ جنید انوار چوہدری نے ڈاکٹر منصور وسان اور ان کی ٹیم کی خدمات کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت ویلیو ایڈیشن اور نئی برآمدی منڈیوں پر توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے ریکارڈ کامیابی پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد کا مستحق قرار دیا۔

بقیہ | 4

محبِ وطن سمندر پار مقیم پاکستانیوں میں 41.6 ارب ڈالر کی ترسیلات زر بھیجیں جن پر انکے مشکور ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ ترسیلات زر میں 8.6 فیصد اضافہ سمندر پار مقیم پاکستانیوں کا حکومتی پالیسیوں پر اعتماد کا مظہر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سمندر پار مقیم پاکستانی ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں، مجھ سمیت پوری قوم کو ان پر فخر ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ سمندر پار مقیم پاکستانیوں کی بہبود کیلئے اقدامات حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔

بقیہ | 5

کے خاتمے کے لیے بین الاقوامی تعاون، باہمی اعتماد اور فوری معلومات کا تبادلہ اب پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہو چکا ہے۔ اقوام متحدہ کے صدر دفتر نیویارک میں منعقدہ اس اعلیٰ سطحی عالمی فورم میں دنیا بھر سے آئے ہوئے وزراء، پولیس چیفس اور معزز شخصیات کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیر داخلہ محسن نقوی نے خطبہ استقبالیہ کے بعد اپنے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج دنیا کو جن چیلنجز کا سامنا ہے، وہ قومی سرحدوں کو نہیں مانتے۔ دہشت گردی، منظم جرائم، سائبر کرائم، منشیات اور انسانی اسمگلنگ کے ساتھ ساتھ مٹی لانڈرنگ جیسے ناسور سے دنیا کا ہر ملک متاثر ہو رہا ہے، کوئی بھی ملک ان خطرات سے محفوظ نہیں، اس لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان مضبوط شراکت داری کا قیام وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے جدید دور کے تقاضوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ٹیکنالوجی انتہائی تیز رفتاری سے بدل رہی ہے اور جرائم پیشہ عناصر جرائم کی نئی اور جدید تکنیکیں استعمال کر رہے ہیں، ہمیں ان کا مقابلہ کرنے اور ان کی روک تھام کے لیے خود جدید ترین ٹیکنالوجی کو اپنانا ہوگا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہمیں اپنے پولیس افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو عالمی معیار کے مطابق بہتر بنانا ہے، فورسز کی تربیت کے نظام کو مضبوط کر کے اس میں جدت کا زیادہ سے زیادہ استعمال یقینی بنانا ہوگا۔ محسن نقوی نے سمٹ میں موجود عالمی رہنماؤں کے تجربے کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سیشن میں دنیا بھر کے تجربہ کار اور مایہ ناز سکیورٹی ماہرین اکٹھے ہیں، آپ میں سے ہر ایک قیمتی علم اور عملی تجربہ رکھتا ہے، لہٰذا ہمیں ایک دوسرے کے خیالات اور کامیابیوں سے سیکھنا چاہیے اور مل کر کام کرنے کے نئے راستے تلاش کرنے چاہئیں۔ وزیر داخلہ نے اس موقع فراہم کرنے پر اقوام متحدہ کے پولیس ایڈوائزر فیصل شاکر کا خصوصی شکریہ ادا کیا جن کی بدولت عالمی ہم منصبوں اور دوستوں کو ایک دوسرے سے ملنے اور مکالمہ کرنے کا موقع ملا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ ہمیں ایک ایسا منفرد پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے جو ہمیں اپنے ممالک کو محفوظ بنانے کے مشترکہ مقصد کے تحت یکجا کرتا ہے۔ اپنے خطاب کے اختتام پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ یہ سمٹ اپنے لوگوں کی حفاظت اور دنیا بھر میں امن و سلامتی کے قیام کو مضبوط بنانے کے حوالے سے انتہائی خاص اور سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔

بقیہ | 6

یران کے شہروں سریک، چاہ بہار، بندر عباس، کونارک اور جزیرہ ابوموسیٰ میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ چاہ بہار کے کچھ حصوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کیے گئے تازہ حملوں کے بارے میں امریکی فوج کا کہنا تھا کہ ان کا مقصد آبنائے ہرمز سے جہازوں کے آزادانہ گزرنے میں ایران کی جانب سے موجود خطرات کم کرنا ہے۔ ایران کے شہروں سریک، چاہ بہار، بندر عباس، کونارک اور جزیرہ ابوموسیٰ میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ چاہ بہار کے کچھ حصوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔ ایرانی شہر ایئرپورٹ پر حملے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ میری ٹائم ٹریفک کنٹرول ٹاور اور ایک ڈیپو پر حملے کی بھی اطلاعات ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق چاہ بہار پر امریکی حملے میں پروجیکٹائل کا ٹکڑا امام علی اسپتال پر گرا ہے۔ صوبہ بوشہر میں بھی دھماکے سنے گئے، ایٹمی بجلی گھر کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ ایرانی فورسز نے جلد خطے میں امریکی فوجی اڈوں پر بڑے حملوں کا اعلان کر دیا۔ دوسری جانب کویت اور بحرین میں سائرن کی آوازیں سنائی دی گئیں۔ کویت کا کہنا تھا کہ راکٹ اور ڈرون حملوں کے خلاف نظام متحرک ہے۔ قطر میں موبائل فونز پر سیکیورٹی خطرے کی وارننگ کے بعد خطرہ ٹل جانے کے پیغامات جاری ہوئے۔ اس سے پہلے منگل اور بدھ کی درمیانی شب امریکا نے ایران کے جنوبی علاقوں پر حملے کیے تھے جن میں ایران نے مسلح افواج کے 8 ارکان شہید ہونے کی تصدیق کی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران کی فضائی اور بحری افواج کے یہ جوان بندر عباس اور بوشہر میں شہید ہوئے

بقیہ | 7

ثمر ملی خبر ایجنسی کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ کے حکام نے کنگلو میں بتایا کہ چین نے 6 جولائی کو میزائل تجربہ کرنے سے چند گھنٹوں قبل معلومات دیں۔ حکام نے بتایا کہ چین کی جانب سے دی گئی معلومات پانچ جوہری طاقتوں پی 5 کے طے شدہ معیار سے بہت کم تھی۔ امریکی حکام کا کہنا تھا کہ چین کے ایسے اقدامات پر خطے کے ممالک کو شدید تشویش ہے۔ چین نے جوہری آبدوز سے بحرالکاہل میں ایک بیلسٹک میزائل کا تجربہ کیا تھا، چین کے میزائل تجربے پر امریکا، جاپان، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، تائیوان نے تشویش کا اظہار کیا

بقیہ | 8

سے 9 فلسطینی شہید ہوگئے۔ فلسطینی حکام کے مطابق اسرائیلی فوج کے حملوں سے شہید ہونے والوں میں 6 اور 10 سال کے دو بچے بھی شامل ہیں۔ حکام کا کہنا تھا کہ اسرائیلی حملوں میں متعدد فلسطینی زخمی بھی ہوئے۔

بقیہ | 9

ملاقات کی جس میں علاقائی صورتِ حال اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ تنازعات کے خاتمے کے لیے پاکستان کی ثالثی کی کوششوں پر بھی بات چیت ہوئی۔ ملاقات میں اقوامِ متحدہ کے قیامِ امن خصوصاً پاکستان کی لازوال خدمات پر بھی گفتگو کی گئی۔ سیکریٹری جنرل اقوامِ متحدہ نے پاکستان کی امن کے لیے کاوشوں کو سراہا اور عالمی امن و سلامتی برقرار رکھنے کے پاکستان کے طویل المدتی تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر محسن نقوی نے کہا کہ فیلڈ مارشل اور وزیراعظم شہباز شریف نے امن و استحکام کو فروغ دینے کے لیے کردار ادا

بقیہ | 10

نیٹو اجلاس کی سائیڈ لائن پر شامی صدر احمد الشرع سے ملاقات کی اور کہا کہ شام کافی مستحکم ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شام پر عائد پابندیاں ختم کر دی ہیں، شام کو دہشت گردی کی سرپرستی کرنے والی ریاستوں کی فہرست سے نکال دوں گا۔ صدر ٹرمپ نے مزید کہا کہ شام، لبنان میں حزب اللہ کے خلاف مدد کر سکتا ہے، میرا خیال ہے کہ اسرائیل لبنان سے اپنی فوج واپس بلا لے گا۔

بقیہ | 11

قانی کشیدگی کی بڑھنے سے روکنے کیلئے سفارتکاری پر زور دیا ہے۔ خلیجی میڈیا کے مطابق ایرانی اور قطری وزرائے خارجہ کا ٹیلیفون پر رابطہ ہوا ہے۔ دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ کے درمیان یہ بات چیت ایسے وقت ہوئی ہے جب امریکا نے ایران پر تازہ حملے کیے ہیں جن میں کئی ساحلی علاقوں پر بمباری کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ میرے خیال میں ایران کے ساتھ ایم او یو ختم ہو چکا ہے، ایران کے ساتھ جنگ بندی بھی ختم ہو گئی، ایرانیوں سے ڈیل نہیں کرنا

بقیہ | 12

اور صدر مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام کی قیادت میں پاکستان ہمیشہ زندہ باد کے عنوان سے عوامی ریلی کوہالہ پل سے شروع ہوئی جو مختلف شاہراہوں اور مقامات سے گزرتی ہوئی راڑہ مظفر آباد پہنچی، جہاں ہزاروں افراد کی موجودگی میں ایک تاریخی عوامی جلسے کی صورت اختیار کر گئی۔ ریلی میں ہزاروں افراد نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے قومی جوش، جذبے اور پاکستان سے والہانہ محبت کا اظہار کرتے ہوئے خوف کی فضا کو ختم کرتے ہوئے قومی یکجہتی اور پاکستان سے غیر متزلزل وابستگی اور وطن سے محبت کے عزم کا بھرپور اظہار کیا۔ کوہالہ پل پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مظفر آباد سے امیدوار ثاقب مجید راجہ کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کی بڑی تعداد نے وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام، پارٹی رہنماں اور دیگر مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر کارکنوں نے وفاقی وزیر پر گلاب کی پتیاں نچھاور کیں، جبکہ شرکا ہاتھوں میں پاکستان کے قومی پرچم اور پارٹی پرچم اٹھائے ہوئے تھے۔ استقبال کے بعد گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور دیگر ذرائع نقل و حمل پر مشتمل ایک بڑا قافلہ ریلی کی صورت میں مظفر آباد کی جانب روانہ ہوا۔ راستے بھر مختلف مقامات پر شہریوں نے ریلی کا استقبال کیا جبکہ شرکا پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد، میاں محمد نواز شریف زندہ باد، وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف زندہ باد، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز زندہ باد اور انجینئر امیر مقام زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگاتے رہے۔ راڑہ مظفر آباد میں منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ پاکستان سے محبت کشمیری عوام کے ایمان کا حصہ ہے اور آج کی ریلی نے اس عزم کا بھرپور اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے مشکل حالات کے باوجود جس جوش، نظم و ضبط اور قومی جذبے کا مظاہرہ کیا، وہ قابلِ ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عوامی اجتماع اس بات کا واضح پیغام ہے کہ پاکستان کے خلاف کسی بھی منفی پراپیگنڈے کی کوئی گنجائش نہیں۔ ان کے بقول، آج عوام کی بھرپور شرکت نے خوف کی فضا کو ختم کر دیا ہے اور لوگوں نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ پاکستان، قومی یکجہتی اور استحکام کے ساتھ کھڑے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کشمیری عوام نے ہمیشہ پاکستان کے ساتھ اپنی غیر متزلزل وابستگی کا ثبوت دیا ہے اور آئندہ بھی قومی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے سفر میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔ جلسے کے اختتام پر شرکا نے پاکستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے خصوصی دعائیں کیں۔ ریلی پرامن ماحول میں اختتام پذیر ہوئی۔ وفاقی وزیر نے مظفر آباد کی حالیہ تاریخ کی اس ریلی کو ایک تاریخی عوامی اجتماع قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہزاروں افراد کی شرکت نے پاکستان سے وابستگی اور قومی یکجہتی کا بھرپور اظہار کیا اور عوام نے اپنے قومی جذبے کا عملی مظاہرہ کیا۔

بقیہ | 13

داری کو ہر شعبے میں مزید مستحکم بنانے میں پرعزم ہے۔ انہوں نے یہ بات جمعرات کو یہاں برطانیہ میں پاکستان کے توانائی کمشنر ٹیپو عثمان سے ملاقات میں کہی، ملاقات میں باہمی اقتصادی مفادات کے امور، پاکستان اور برطانیہ کے درمیان اقتصادی و مالی تعاون کے فروغ اور دوطرفہ شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے ہائی کمشنر کو نئی سفارتی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ ان کا وسیع سفارتی تجربہ اور پیشہ ورانہ صلاحیتیں برطانیہ میں پاکستان کی اقتصادی سفارت کاری کو مزید موثر بنانے اور دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی روابط کو نئی جہت دینے میں اہم کردار ادا کریں گی۔ ملاقات کے دوران تجارت، سرمایہ کاری، بینکاری، ترسیلاتِ زر، کیپیٹل مارکیٹس اور مالیاتی خدمات کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر بین الاقوامی سرمایہ کاروں اور مالیاتی اداروں کے ساتھ پاکستان کے روابط کو مزید مضبوط بنانے پر بھی غور کیا گیا جبکہ لندن کی عالمی مالیاتی مرکز کی حیثیت سے اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان کے مالیاتی وسائل اور کیپیٹل مارکیٹس کے اہداف کے حصول میں اس کے کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے حکومت کی جانب سے مالی وسائل کے ذرائع کو متنوع بنانے، بین الاقوامی کیپیٹل مارکیٹوں تک پاکستان کی رسائی کو مزید مستحکم کرنے اور ملکی مالیاتی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے جاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ فریقین نے ڈیجیٹل فنانس، بلاک چین پر مبنی مالیاتی حل، ورچوئل اثاثوں اور ٹوکنائزیشن جیسے جدید مالیاتی ذرائع پر بھی تبادلہ خیال کیا، جنہیں پاکستان کے وسیع تر ڈیجیٹل تبدیلی کے ایجنڈے کا اہم حصہ قرار دیا گیا۔ ملاقات میں قرضوں کے موثر انتظام اور کیپیٹل مارکیٹس کی ترقی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امکانات پر بھی غور کیا گیا جس میں برطانیہ کے ڈیبٹ مینجمنٹ آفس کے ساتھ جاری تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ ہائی کمشنر نے وزیر خزانہ کو ادارہ جاتی سرمایہ کاروں سے روابط بڑھانے اور معروف مالیاتی اداروں کے اشتراک سے مستقبل میں سرمایہ کاری سے متعلق روڈ شوز کے انعقاد کے امکانات سے بھی آگاہ کیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ برطانیہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات خصوصاً ترسیلاتِ زر، روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ، سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں کے ذریعے مستحکم بنانے میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے انہوں نے برطانیہ میں قائم مالیاتی اداروں اور نجی شعبے کے ساتھ مسلسل تعاون کو دوطرفہ اقتصادی اور مالیاتی تعلقات کے فروغ کے لیے ناگزیر قرار دیا۔ وزیر خزانہ نے معاشی استحکام برقرار رکھنے، مالیاتی نظم و ضبط کو مزید مضبوط بنانے، کاروبار کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے اور نجی شعبے کی قیادت میں پائیدار اقتصادی ترقی کے فروغ کے لیے اپنی اصلاحات کی پالیسیوں پر بھرپور انداز میں عمل پیرا ہونے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں قریبی رابطہ برقرار رکھا جائے گا تاکہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان اقتصادی اور مالیاتی تعاون کو مزید وسعت دی جا سکے۔ ہائی کمشنر ٹیپو عثمان نے بھی اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان، برطانیہ کے ساتھ اپنی دیرینہ اور مضبوط شراکت داری کو ہر شعبے میں مزید مستحکم بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات باہمی اعتماد، تاریخی روابط اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں اور ان میں مستقبل میں مزید وسعت اور ترقی کے بے شمار امکانات موجود ہیں۔

بقیہ | 14

قائم کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ محسن بخاری نے امریکی قونصل جنرل کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے اقدامات سے آگاہ کیا۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب میں خواتین، طلبہ اور کسانوں کے لیے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں، پنجاب میں اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت ایک لاکھ 70 ہزار گھر بن رہے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے امریکی قونصل جنرل کو سوہنے ٹرین بھی پیش کی۔

بقیہ | 15

چیلنجر کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز امریکی دھمکیوں سے نہیں بلکہ ایرانی انتظامات اور خودمختاری کے تحت کھولی جائے گی۔ اس سے پہلے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ ایران کی جانب سے بحری جہازوں پر کیے گئے حملوں کے ردعمل میں حملے

بقیہ | 16

دیتے ہوئے کہا ہے کہ محترمہ فاطمہ جناح ہر بہن اور ہر بیٹی کے لئے رول ماڈل کا درجہ رکھتی ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح کی مغفرت اور بلندی درجات کی دعا کرتے ہوئے مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح کی جمہوری اور ملی خدمات کیلئے سلام عقیدت پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے محترمہ فاطمہ جناح کی قائداعظم کے لئے بے مثال محبت اور جذبہ ایثار کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ پاکستانی قوم مادرِ ملت کی قومی و سیاسی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے، نامساعد حالات میں مادرِ ملت کی ثابت قدمی ہمارے لئے مشعل راہ ہے جبکہ محترمہ فاطمہ جناح نے ثابت کیا کہ عورت ملک کے تعمیری کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

بقیہ | 17

آفریدی کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم برقرار رکھا ہے۔ اسلام آباد کی مقامی عدالت نے عدم حاضری پر سہیل آفریدی کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار رکھتے ہوئے انہیں گرفتار کر کے عدالت میں پیش کرنے کا حکم بھی برقرار رکھا۔ سول جج عباس شاہ کی عدم دستیابی کے باعث کیس کی سماعت 21 جولائی تک ملتوی کر دی گئی۔ واضح رہے کہ سہیل آفریدی کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت این سی سی آئی اے نے ریاستی اداروں پر الزامات لگانے کے الزام میں مقدمہ درج کر رکھا ہے۔

بقیہ | 18

روبینہ خالد نے کہا ہے کہ مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح نے ہر مشکل دور میں آئین، جمہوریت اور عوامی حق حکمرانی کا پرچم بلند رکھا۔ جمعرات کو بی آئی ایس پی سے جاری بیان کے مطابق مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح کی 59 ویں برسی کے موقع پر سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ مادرِ ملت کا کردار خواتین کی خودمختاری، قومی وقار اور عوامی خدمت کا درخشاں استعارہ ہے، محترمہ فاطمہ جناح کی جدوجہد اس حقیقت کی یاد دلاتی ہے کہ مضبوط پاکستان کی بنیاد جمہوریت اور آئین کی پاسداری میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مادرِ ملت کی سیاسی بصیرت اور قومی خدمات آنے والی نسلوں کے لیے رہنمائی کا سرچشمہ ہیں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ عوامی خدمت، قومی اتحاد اور جمہوری روایات کا فروغ ہی مادرِ ملت کو حقیقی خراج عقیدت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام خواتین کو بااختیار بنا کر مادرِ ملت کے عوامی خدمت کے وژن کو آگے بڑھا رہا ہے۔ انہوں نے مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح کے ایصالِ ثواب، درجات کی بلندی اور ملک کی ترقی و استحکام کے لیے خصوصی دعا بھی کی

بقیہ | 19

راڈمان نے ملاقات جس میں باہمی تعاون کے فروغ کی خواہش کا اظہار کیا۔ جمعرات کو وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ بھی موجود تھیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کروشیا کے وزیر خارجہ اور ان کے وفد کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور کروشیا کے درمیان دوستانہ تعلقات باہمی احترام، خیرسگالی اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں۔ وزیراعظم نے تجارت و سرمایہ کاری، انفارمیشن ٹیکنالوجی، روابط، زراعت، سیاحت اور ہنرمند افرادی قوت سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کی پاکستان کی خواہش کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے کروشیا کے صدر زوران میلاونوویچ اور وزیراعظم آندریے پلینکوویچ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کے سرکاری دورے کی پُرخلوص دعوت دی۔ کروشیا کے وزیر خارجہ نے پرتپاک استقبال پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کا دورہ ان کے لیے باعثِ اعزاز ہے۔ کروشین وزیر خارجہ نے علاقائی امن کی کوششوں میں پاکستان اور اس کی قیادت کے نمایاں کردار کو سراہا اور باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں پاکستان اور کروشیا کے تعلقات کو مزید وسعت دینے کی اپنی حکومت کی خواہش کا اظہار

بقیہ | 20

یں بنائیں کی ایف پینی میں تعینات اہلکار کی شناخت وائی چندرا ریڈی کے نام سے ہوئی ہے، جو آندھرا پردیش کا رہائشی تھا۔ بھارتی حکام کا کہنا ہے کہ ریڈی نے اپنی سروس رائفل سے گولی مار کر خودکشی کی۔ سی آر پی ایف اہلکار کے اس انتہائی اقدام کی فوری طور پر وجہ معلوم نہ ہو سکی ہے۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ واضح رہے کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوج اور پیرا ملٹری اہلکاروں کی جانب سے خودکشی اور ایک دوسرے پر فائرنگ کے واقعات اکثر رپورٹ ہوتے رہتے ہیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق مقبوضہ علاقے میں طویل عرصے تک تعیناتی، مشکل اور طویل ڈیوٹی اور ناکافی چھٹیاں بھارتی فوجیوں میں خودکشی کی بڑی وجہ

بقیہ | 21

ت ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں، بلیو اکانومی اصلاحات سے سمندری خوراک کی برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ فروزن مچھلی سب سے بڑی برآمدی سمندری مصنوعات رہی، مچھلی کی بڑی برآمدی منڈیاں چین، جاپان، سعودی عرب، امریکا سمیت 10 ممالک رہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ علاقائی چیلنجز کے باوجود ریکارڈ برآمدات حاصل ہوئیں اور میرین فشریز ڈپارٹمنٹ نے عالمی معیار برقرار رکھا۔ جنید انوار چوہدری نے ڈاکٹر منصور وسان اور ان کی ٹیم کی خدمات کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت ویلیو ایڈیشن اور نئی برآمدی منڈیوں پر توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے ریکارڈ کامیابی پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد کا مستحق قرار دیا۔

بقیہ | 22

پریل میں جاری کیے گئے اندازوں کے مقابلے میں 0.2 فیصد پوائنٹس کم ہے۔ تفصیلات کے مطابق اے ڈی بی کی جانب سے جولائی 2026 کے لیے جاری کردہ ایشین ڈویلپمنٹ آؤٹ لک کے مطابق مشرقِ وسطیٰ کے تنازع کے باعث توانائی کی عالمی منڈیوں میں طویل رکاوٹوں نے خطے کی اقتصادی صورتحال کو توقعات سے زیادہ متاثر کیا ہے تاہم 2027 کے لیے شرح نمو کا تخمینہ 5.1 فیصد پر برقرار رکھا گیا ہے کیونکہ ان دہائیں بتدریج کمی آنے سے معاشی سرگرمیوں میں بحالی کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جون میں طے پانے والے فریم ورک معاہدے کے باوجود عالمی توانائی کی منڈیوں میں پیدا ہونے والی رکاوٹیں بتدریج ختم ہونے کی توقع ہے، توانائی کے علاوہ کھاد، دیگر اشیائے خام اور سپلائی چینز پر بھی اس کے اثرات برقرار رہنے کے باعث مہنگائی کے دباؤ میں اضافے کا امکان ہے، خطے میں 2026 کے دوران مہنگائی کی شرح 4.3 فیصد رہنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے جبکہ 2025 میں یہ شرح 3 فیصد تھی، اپریل کے اندازوں کے مقابلے میں یہ پیش گوئی 0.7 فیصد پوائنٹس زیادہ ہے جبکہ 2027 کے لیے مہنگائی کا تخمینہ 3.4 فیصد پر برقرار رکھا گیا ہے۔ اے ڈی بی کے چیف اکانومسٹ البرٹ پارک نے کہا کہ اگر فریم ورک معاہدے پر پائیدار عمل درآمد ہوتا ہے تو عالمی توانائی کی منڈیوں میں معمول کی صورتحال بحال ہونے میں مدد مل سکتی ہے تاہم اس عمل کی رفتار غیر یقینی ہے اور اس کے ساتھ نمایاں منفی خطرات بھی موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی پذیر ایشیا اور بحرالکاہل کی اقتصادی ترقی بدستور مضبوط ہے، تاہم تنازع سے پیدا ہونے والے مسلسل دباؤ کے باعث حکومتوں کو معاشی نمو کے فروغ اور مہنگائی پر قابو پانے کے درمیان متوازن پالیسی اختیار کرنا ہوگی۔ رپورٹ میں خبردار کیا گیا کہ اگر تنازع دوبارہ شدت اختیار کرتا ہے یا جغرافیائی سیاسی غیر یقینی صورتحال برقرار رہتی ہے تو اس سے توانائی کی منڈیاں مزید متاثر ہو سکتی ہیں، خطرات کی لاگت بڑھ سکتی ہے اور مہنگائی و بیروزگاری دباؤ میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ عالمی مالیاتی حالات میں سختی، خودمختار بانڈز کی بڑھتی ہوئی شرحِ منافع، قرض لینے کی لاگت میں اضافہ، متعدد معیشتوں میں مالیاتی خسارے، بلند ٹیرف، تجارتی پالیسی سے متعلق غیر یقینی صورتحال اور کھاد کی بڑھتی ہوئی قیمتیں بھی خطے کی معیشت، زرعی پیداوار اور غذائی تحفظ کے لیے خطرات قرار دی گئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 2026 کے لیے ترقی پذیر مشرقی ایشیا کے علاوہ بیشتر ذیلی خطوں کی شرح نمو کے تخمینے کم کر دیے گئے ہیں جبکہ چین کے لیے 2026

بیسٹ وے اور گیلی آٹو گروپ میں تاریخی شراکت داری

پاکستان میں گیلی گاڑیوں کی درآمد، فروخت اور مقامی تیاری کا آغاز، روزگار اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

اسلام آباد (پی پی اے) بیسٹ وے گروپ نے پاکستان کی آٹو موبائل صنعت میں ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے چین کی معروف گاڑیاں بنانے والی کمپنی گیلی آٹو گروپ کے ساتھ گاڑیوں کی درآمد فروخت اور مقامی سطح پر تیاری کے لیے ایک تاریخی اسٹریٹجک شراکت داری کا اعلان کر دیا ہے اس معاہدے کے تحت بیسٹ وے گروپ اپنی ذیلی کمپنی بیسٹ وے آٹو موٹیو پرائیویٹ لمیٹڈ کے ذریعے پاکستان میں" گیلی آٹو گروپ کی گاڑیوں اور دیگر مصنوعات کا واحد مجاز تقسیم کار ہوگا یہ شراکت داری ملک کی تیزی سے ترقی کرتی ہوئی آٹو موبیل صنعت میں ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگی اور اس شعبے میں نئے امکانات کی راہ ہموار کرے گی گیلی آٹو گروپ چین کی سب سے بڑی نجی آٹو موبائل کمپنیوں میں شمار ہوتا ہے اور دنیا بھر میں جدید ٹیکنالوجی جدت اور تیز رفتار ترقی کے باعث نمایاں مقام رکھتا ہے ابتدائی مرحلے میں گیلی کی مختلف گاڑیاں مکمل طور پر تیار شدہ حالت میں بیرونِ ملک سے درآمد کرکے پاکستان میں فروخت کے لیے پیش کی جائیں گی تاکہ صارفین کو کمپنی کی عالمی معیار کی گاڑیوں تک فوری رسائی حاصل ہو سکے بعد ازاں بیسٹ وے کے کراچی میں قائم پیداواری مرکز میں مقامی سطح پر ان گاڑیوں کی تیاری کی جائے گی بیسٹ وے اور جیلی کے درمیان شراکت داری کے ایک طویل مدتی اور وسیع البنیاد تعاون میں تبدیل ہونے کی توقع ہے جس کے نتیجے میں مقامی تیاری میں اضافہ مقامی گاڑیوں کی فراہمی کے سلسلے کی مضبوطی مہارتوں کی ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے

شاہد عثمانی سپردِ خاک، صحافیوں کی بڑی تعداد شریک

فوزیہ شاہد سے تعزیت مرحوم کی مغفرت اور اہلِ خانہ کے لیے صبر کی دعائیں

اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس پی ایف یو جے کے سابق سیکرٹری جنرل اور فیڈرل ایگزیکٹو کونسل کی رکن فوزیہ شاہد کے شوہر شاہد عثمانی کو بدھ کے روز میڈیا ٹاؤن اسلام آباد کے قبرستان میں سپردِ خاک کر دیا گیا نمازِ جنازہ میں صحافتی سماجی اور عوامی حلقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی نمازِ جنازہ میں پی ایف یو جے کے صدر افضل بٹ، سیکرٹری فنانس لالہ اسد پٹھان سابق سیکرٹری جنرل ناصر زیدی، نیشنل پریس کلب کے سابق صدور شکیل انجم طارق چوہدری اور اظہر جتوئی راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس آر آئی یو جے کے سابق صدور عامر سجاد سید علی رضا علوی، وقار ستی طارق علی ورک اور مبارک زیب سمیت صحافتی برادری مرحوم کے عزیز و اقارب دوست احباب اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر شرکاء نے فوزیہ شاہد اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم شاہد عثمانی کی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل نصیب فرمائے

محرم ڈیوٹی پر آپریشن اسٹاف کو تعریفی اسناد سے نواز دیا گیا

ایم ڈی رانا ساجد صفدر نے صفائی ورکرز کو ادارے کا حقیقی اثاثہ قرار دے دیا

راولپنڈی (پی پی اے) ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کے منیجنگ ڈائریکٹر رانا ساجد صفدر نے محرم الحرام کے دوران بہترین صفائی خدمات اور مثالی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے آپریشن اسٹاف کو تعریفی اسناد سے نواز دیا۔اس حوالے سے ستھرا پنجاب ایجنسی ہیڈکوارٹر راولپنڈی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں چیف فنانشل آفیسر بلال خاور، ڈسٹرکٹ منیجر آپریشنز راولپنڈی عامر یونس نائیک، منیجر سٹی سید حسن سردار، ڈپٹی منیجر آپریشنز گلباز ستی سمیت مختلف شعبوں کے افسران اور صفائی ورکرز نے شرکت کی۔تقریب کے دوران ایم ڈی رانا ساجد صفدر اور چیف فنانشل آفیسر بلال خاور نے محرم الحرام کے دوران شب و روز خدمات انجام دینے والے آپریشن افسران، سپروائزرز اور صفائی ورکرز میں تعریفی اسناد تقسیم کرتے ہوئے ان کی محنت، لگن اور ذمہ داری کے جذبے کو سراہا۔اس موقع پر رانا ساجد صفدر نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران صفائی ستھرائی، ویسٹ کلیکشن، جلوسوں اور مجالس کے راستوں کی بروقت صفائی کو یقینی بنانے میں فیلڈ اسٹاف نے غیر معمولی محنت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ صفائی ورکرز ادارے کا حقیقی اثاثہ ہیں اور انہی کی انتھک محنت سے شہریوں کو صاف، محفوظ اور بہتر ماحول فراہم کرنا ممکن ہوتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ بہترین کارکردگی دکھانے والے ملازمین کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا تاکہ خدمت کے جذبے کو مزید فروغ دیا جا سکے۔ڈسٹرکٹ منیجر آپریشنز عامر یونس نائیک نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران تمام آپریشن ٹیموں نے مربوط حکمت عملی کے تحت دن رات خدمات انجام دیں اور جلوسوں، امام بارگاہوں اور مجالس کے مقامات پر بروقت صفائی کو یقینی بنایا۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ اسٹاف کی محنت اور ٹیم ورک کی بدولت شہریوں کو بہترین صفائی سہولیات فراہم کی گئیں، جس پر پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔تقریب کے اختتام پر آپریشن اسٹاف نے تعریفی اسناد دینے پر ایم ڈی رانا ساجد صفدر اور کمپنی انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ آئندہ بھی اسی جذبے اور ذمہ داری کے ساتھ شہریوں کو بہترین صفائی خدمات فراہم کرتے رہیں گے

ویسٹ انڈیز دورے سے قبل قومی ٹیسٹ ٹیم کی تیاریاں عروج پر

راولپنڈی میں پری سیریز کیمپ جاری دو روزہ انٹرا سکواڈ میچ کے بعد ٹیم ویسٹ انڈیز روانہ ہوگی

راولپنڈی (پی پی اے) ویسٹ انڈیز کے دورے کے لیے پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے پری سیریز تربیتی کیمپ کا آغاز راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں ہوگیا جہاں قومی سکواڈ کے کھلاڑیوں نے کوچنگ اسٹاف کی نگرانی میں بھرپور تیاریوں کا آغاز کر دیا کھلاڑیوں نے تقریباً تین گھنٹے پر مشتمل تربیتی سیشن میں حصہ لیا، جس کے دوران ڈفنس بیٹنگ باؤلنگ اور فیلڈنگ پر خصوصی توجہ دی گئی ہیڈ کوچ سرفراز احمد بیٹنگ کوچ اسد شفیق اور باؤلنگ کوچ عمر گل نے کھلاڑیوں کو مختلف شعبوں سے متعلق ڈرلز کروائیں اور تکنیکی رہنمائی فراہم کی قومی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم سمیت تمام کھلاڑیوں نے پریکٹس وکٹوں پر بھرپور نیٹس سیشن میں حصہ لیا اور آئندہ سیریز کی تیاری کے لیے اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے پر توجہ مرکوز رکھی شیڈول کے مطابق پاکستان ٹیسٹ ٹیم جمعہ اور ہفتہ کو دو روزہ انٹرا سکواڈ سٹا ریو میچ کھیلے گی جس کے ذریعے کھلاڑیوں کی فارم ڈفنس اور کمبی نیشن کا جائزہ لیا جائے گا پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے تحت دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز 25 جولائی سے 10 اگست تک کھیلی جائے گی پہلا ٹیسٹ برائن لارا کرکٹ اکیڈمی، ٹوروبا جبکہ دوسرا ٹیسٹ کوئینز پارک اوول پورٹ آف اسپین میں شیڈول ہے

خاقان وحید خواجہ علاج کے بعد وطن واپس پہنچ گئے

خاقان وحید خواجہ کا پرتپاک استقبال، کارکنوں سے پارٹی منشور گھر گھر پہنچانے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ اپنا علاج مکمل ہونے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے۔ان کا شاندار استقبال کیا گیا اپنے دفتر پہنچنے پر پاکستان عوامی قوت پارٹی کے عہدے داروں کارکنوں و راول فاؤنڈیشن کے عہدے داروں اور مختلف مکاتب فکر کے لوگوں نے ان کی صحت یابی پر انہیں مبارکباد دی گلدستے پیش کیے اور ان کی درازی عمر کے لیے دعا کی اس موقع پر چیئرمین عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ نے تمام جملہ احباب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے میری صحت یابی کے لیے جو دعائیں کیں فکر مند ہوئے اور آج یہاں پر مبارکباد دینے آئے میں آپ کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں انشاء اللہ ہم اپنی پارٹی کا منشور گھر گھر پہنچانے کے لیے دوبارہ نئے جذبے ہمت اور جوش سے کام کریں گے آپ میری ٹیم ہیں مجھے آپ پر فخر ہے اور ہم مل کر چلیں گے انھیں صحتیابی پر گلدستے اور مبارکباد دینے والوں میں یوسی 60 ترلائی کلاں کے چیئرمین راجہ کامران اصغر راجہ وحید احمد قاضی ظفر طاہر خان منصور افتخار عمر حیات عبد الجبار رضوان عباسی ڈاکٹر شکیل احمد سہراب بیگ۔ سلمان منہاس پارٹی کے سیکرٹری جنرل ملک اعجاز حسین راجہ ادیب سردار ریاض عادل راجہ ڈاکٹر محمد نعیم ڈاکٹر احتشام ڈاکٹر سائرہ شعبہ خواتین کی سیدہ فردوس پروین صدیق خواجہ ملک نتاشا اور سیکرٹری فرزانہ ریاض اور دیگر عہدے دار شامل تھے۔

اسلام آباد میں ٹریفک روانی بہتر بنانے کے لیے سی ٹی او کا دورہ

کائنات اظہر خان کی شہری سہولت موثر ٹریفک انتظامات اور قوانین پر سخت عملدرآمد کی ہدایت

اسلام آباد (پی پی اے) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے ٹریفک ڈیوٹی پر تعینات افسران و اہلکاروں کی کارکردگی ٹریفک کی روانی اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی سہولت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے ٹریفک کی بلاتعطل روانی برقرار رکھنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں جبکہ دورانِ ڈیوٹی نظم و ضبط پیشہ ورانہ طرزِ عمل اور عوام سے خوش اخلاقی کو ہر حال میں مقدم رکھا جائے چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان نے کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس شہریوں کو محفوظ منظم اور بہترین سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر وقت متحرک ہے، جبکہ ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد بھی یقینی بنایا جائے گا

آئی جی اسلام آباد کی زیرِ صدارت امن و امان اجلاس

آئی جی اسلام آباد کا جدید پولیسنگ ٹریفک مینجمنٹ اور سکیورٹی مزید موثر

اسلام آباد (پی پی اے) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیرِ صدارت اہم اجلاس کا انعقاد اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی صورتحال جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال ٹریفک مینجمنٹ سکیورٹی انتظامات اور پولیسنگ کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیرِ صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں اسلام آباد پولیس کے تمام ڈی آئی جیز، اے آئی جیز ایس ایس پیز اور سی ٹی او اسلام آباد نے شرکت کی اجلاس کے دوران وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی مجموعی صورتحال جرائم کی روک تھام جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال ٹریفک مینجمنٹ سکیورٹی انتظامات اور پولیسنگ کے نظام کو مزید مؤثر جدید اور شہری دوست بنانے سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ جرائم کی بروقت روک تھام اور عوام کو بہترین پولیس سروسز کی فراہمی کے لیے جدید ٹیکنالوجی سیف سٹی کیمروں ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم ڈیٹا پر مبنی پولیسنگ اور دیگر جدید وسائل سے بھرپور استفادہ کیا جائے انہوں نے مزید کہا کہ مؤثر نگرانی فوری ردِعمل اور جدید پولیسنگ کے ذریعے شہریوں کے اعتماد کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے انہوں نے مزید ہدایت کی کہ وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے حادثات کی شرح میں کمی لانے اور شہریوں کو محفوظ اور سہل سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے جامع اور مؤثر حکمتِ عملی اپنائی جائے اس سلسلے میں ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد اہم شاہراہوں کی مسلسل نگرانی جدید ٹریفک مینجمنٹ سسٹم کے استعمال اور عوامی آگاہی مہم کو مزید مؤثر بنانے پر بھی زور دیا گیا بعد ازاں آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے بین الاقوامی شہرت یافتہ پاکستانی سائیکلسٹ محمد بخش سے ملاقات کی اس موقع پر انہوں نے محمد بخش کی کھیل کے میدان میں شاندار کارکردگی غیر معمولی عزم محنت اور بین الاقوامی سطح پر حاصل کی گئی کامیابیوں کو سراہتے ہوئے انہیں پاکستان کا نام روشن کرنے پر خراج تحسین پیش کیا آئی جی اسلام آباد نے ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے باصلاحیت کھلاڑی نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہیں اور ان کی کامیابیاں پورے ملک کے لیے باعثِ فخر ہیں

عوام پاکستان پارٹی کا یوم تاسیس پروقار انداز

کہوٹہ تقریب میں کارکنوں کی شرکت، ملکی ترقی کیلئے عزم کا اظہار

کہوٹہ (ندیم آزاد) عوام پاکستان پارٹی کے یومِ تاسیس کے موقع پر ایک پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پارٹی عہدیداران، کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی، نیشنل جنرل کونسل کے ممبران راجہ نعیم اکبر، شوکت جنجوعہ، نمبردار فیصل لیاقت اور راجہ تنویر بنارس جبکہ کارکنان میں شیخ خالد محمود، راجہ مسعود انجم آف گڑھیٹ، راجہ محمد اشفاق آف تھوہا، راجہ بابر حنیف آف تھوہا، نمبردار راجہ سعید آف بملوٹ، راشد محمود آف ہوتھلہ، ملک عمران، راجہ عدیل، ملک فیاض، بابو لوہار، مودی آف پیکاں، راشد عباسی اور جابر کیانی آف ہوتھلہ شامل تھے تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد مقررین نے عوام پاکستان پارٹی کے قیام کے مقاصد، ملکی سیاست میں اس کے کردار اور عوامی خدمت کے عزم پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین کا کہنا تھا کہ عوام پاکستان پارٹی ملک میں جمہوری اقدار کے فروغ، عوامی مسائل کے حل اور قومی ترقی کے لیے بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔تقریب کے دوران پارٹی کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا اور ملکی سلامتی، استحکام، خوشحالی اور ترقی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔اس موقع پر کارکنوں نے پارٹی قیادت کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے عوامی خدمت کے مشن کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

ڈھوک کالا خان فیملی پارک کی خوبصورتی برقرار رکھنے کی مہم

ہارٹیکلچر ایجنسی راولپنڈی کی ڈھوک کالا خان فیملی پارک میں صفائی، شجرکاری اور سہولیات بہتر بنانے کی مہم

راولپنڈی (پی پی اے) ہارٹیکلچر ایجنسی راولپنڈی شہر کے پارکس گرین بیلٹس اور تفریحی مقامات کی خوبصورتی، صفائی اور دیکھ بھال کے لیے بھرپور اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے اسی سلسلے میں ڈھوک کالا خان فیملی پارک کو مزید سرسبز خوبصورت اور شہریوں کے لیے پرکشش بنانے کے لیے خصوصی مہم جاری ہے تاکہ عوام کو صاف ستھرا محفوظ اور معیاری تفریحی ماحول فراہم کیا جا سکے ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی راولپنڈی احمد حسن رانجھا کی ہدایات پر پارک میں باغبانی صفائی گھاس کی تراش خراش، پودوں کی نگہداشت موسمی پھولوں کی شجرکاری درختوں کی کانٹ چھانٹ واکنگ ٹریک کی صفائی بچوں کے کھیل کے آلات کی دیکھ بھال اور دیگر انتظامی امور باقاعدگی سے انجام دیے جا رہے ہیں اس موقع پر احمد حسن رانجھا نے کہا کہ شہریوں کو صحت مند سرسبز اور محفوظ تفریحی ماحول فراہم کرنا ادارے کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ ڈھوک کالا خان فیملی پارک علاقے کا ایک اہم عوامی پارک ہے جہاں روزانہ بڑی تعداد میں بزرگ خواتین بچے اور نوجوان تفریح ورزش اور چہل قدمی کے لیے آتے ہیں اس لیے اس کی مستقل دیکھ بھال ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ پارک میں موجود سبزہ پھولوں کی کیاریاں سایہ دار درخت اور کھلے مقامات شہریوں کو قدرتی ماحول سے لطف اندوز ہونے کا بہترین موقع فراہم کرتے ہیں ہارٹیکلچر ایجنسی جدید باغبانی کے اصولوں کے مطابق پودوں کی آبیاری بروقت کھاد کے استعمال اور بیماریوں سے تحفظ کے لیے بھی مؤثر اقدامات کر رہی ہے تاکہ پارک ہر موسم میں اپنی خوبصورتی برقرار رکھ سکے ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی نے مزید کہا کہ صفائی کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کے لیے عملہ روزانہ کی بنیاد پر پارک کی نگرانی کرتا ہے جبکہ جھولوں بینچوں روشنی کے نظام واکنگ ٹریک اور دیگر سہولیات کی بروقت مرمت اور دیکھ بھال بھی یقینی بنائی جا رہی ہے انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پارک کو اپنی مشترکہ قومی امانت سمجھتے ہوئے صفائی کا خاص خیال رکھیں پودوں اور پھولوں کو نقصان نہ پہنچائیں کچرا ڈسٹ بن میں ڈالیں اور پارک کے قواعد و ضوابط پر عمل کریں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہارٹیکلچر ایجنسی راولپنڈی شہر کے تمام پارکس کو مزید سرسبز خوبصورت اور عوام دوست بنانے کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے گی تاکہ شہریوں کو معیاری تفریحی سہولیات صحت مند ماحول اور قدرتی حسن سے بھرپور مقامات میسر آسکیں

راولپنڈی میں جعلی پرائس مجسٹریٹ گرفتار کرلیا گیا

ہوٹلوں سے رقم مانگنے والا شخص پولیس کارروائی میں پکڑا گیا

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) ریس کورس پولیس کی کارروائی، خود کو پرائس مجسٹریٹ ظاہر کرنے والا جعلساز گرفتار، زیر حراست شخص مختلف ہوٹلوں پر جا کر اپنا تعارف پرائس مجسٹریٹ کے طور پر کرواتا اور رقم کا مطالبہ کرتا، ہوٹل سٹاف نے شک پڑنے پر مقامی پولیس کو طلب کیا، ریس کورس پولیس نے موقعہ پر پہنچ کر دریافت کی تو مذکورہ شخص کوئی ثبوت پیش نا کر سکا، ریس کورس پولیس نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا۔ایس پی پوٹھوار سردار بابر خان نے کہا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

ڈی جی سیف سٹی کی زیرِ صدارت اہم اجلاس

سیف سٹی کیمروں سے ٹریفک نگرانی مزید مؤثر، قوانین کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی کا فیصلہ

اسلام آباد (پی پی اے) ڈائریکٹر جنرل سیف سٹی ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیرِ صدارت سیف سٹی اسلام آباد میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں شہر کے ٹریفک نظام سیف سٹی کے تکنیکی امور اور ٹریفک قوانین پر مؤثر عملدرآمد سے متعلق مختلف معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایس پی آپریشنز سیف سٹی کیپٹن (ر) حمزہ ہمایوں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر ڈائریکٹر آئی ٹی عاطف عباس اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیف سٹی عباس مہدی اور این او سی ٹیم کے ڈپٹی ڈائریکٹر نے شرکت کی اجلاس کے دوران شہر بھر میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال اور ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کی گئی ڈی جی سیف سٹی محمد ہارون جوئیہ نے افسران کو ہدایت کی کہ سیف سٹی کے کیمروں کے ذریعے شہر کی ٹریفک صورتحال کی مسلسل نگرانی کی جائے اور خصوصاً لین اور لائن کی خلاف ورزی کرنے والے قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ٹریفک کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور عوام کو محفوظ سفری سہولیات فراہم کرنا اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے

راولپنڈی میں بم ڈسپوزل اسکواڈ نے انڈین مارٹر گولا ناکارہ بنا دیا

ٹیم نے بروقت کارروائی کر کے رینجر چیک پوسٹ کو بڑی تباہی سے بچایا

راولپنڈی (محمد ندیم خالق) محکمہ سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل اسکواڈ کی رواں ماہ کے دوران چھٹی بڑی کارروائی، بم ڈسپوزل اسکواڈ نے بروقت کارروائی کر کے فیاض شہید رینجر چیک پوسٹ لیسر کلاں کو بڑی تباہی سے بچا لیا، کارروائی کے دوران ایک عدد مارٹر گولا 1۔50 کو انٹی ون انڈین میڈ وزن 1KG کو ناکارہ بنا دیا گیا۔ڈی آئی او کی جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق ڈسٹرکٹ کنٹرولر سول ڈیفنس کی زیرنگرانی ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر فرحانہ عزیز کی سربراہی میں محکمہ سول ڈیفنس کی طرف سے کمانڈر بم ڈسپوزل انوار الحق، محمد شریف باجوہ اور شبیر احمد و دیگر پر مشتمل بم ڈسپوزل ٹیم نے تحصیل ظفروال کی حدود میں فیاض شہید چیک پوسٹ لیسر کلاں کے مقام پر اطلاع ملتے ہی ایک عدد مارٹر 1۔50 کو انٹی 1 انڈین میڈ وزن 1KG اپنے قبضے میں لے کر ناکارہ بنا دیا۔اہل علاقہ کی طرف سے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ سول ڈیفنس کی طرف سے بروقت کارروائی پر خوشی کا اظہار، ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر فرحانہ عزیز کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ محکمہ سول ڈیفنس عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے دن رات مصروف عمل ہے۔

محکمہ ریلوے لاہور میں مبینہ کرپشن اور رشوت ستانی کا انکشاف

گینگ مینز سے ماہانہ وصولی پر منسٹر ریلوے حنیف عباسی سے انکوائری کا مطالبہ



انکوائری مطالبہ منسٹر ریلوے حنیف عباسی، ائی جی ریلوے پولیس، ڈی جی وجیلنس ریلوے، ڈویژنل سپریڈنٹ لاہور پاکستان ریلوے انعام اللہ محکمہ ریلوے میں رائے عابد علی زاہد پی ڈبلیو ائی لاہور نے کرپشن کا بازار گرم کر رکھا ہے لاہور محکمہ ریلوے کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا رہا ہے گینگ مینز جو کہ اس کے انڈر کام کرتے ہیں ان کو نفری چھوڑا ہوا ہے ان سے ماہانہ منتھلی وصول کرتا ہے اور ہر ایک سے 30 ہزار روپیہ اور 25 ہزار وصول کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میرا کوئی بھی کچھ نہیں بگاڑ سکتا کیونکہ میں لفافہ اپنے اعلیٰ افسران کو دیتا ہوں جو گینگ مین اس میں نفری پہ چھوڑے ہوئے ہیں ان کے نام یہ ہیں شاکر، عبدالرحمن، زاہد، رضوان، فدا حسین، طیب، فیصل، فہد جنید، بلال، محمد تقی، واجد شاہ، عبدالواحد، ہارون ہے ان کے علاوہ ڈپازٹ شیٹیں جو کہ ٹی ایل اے پہ ہیں ان پہ بھی پانچ بندے اپنے پسندیدہ بندوں کے نام لکھ کر نفری پر ہیں اس کے علاوہ نائٹ/ایکسٹینڈنٹ گینگ میں غلام مصطفیٰ، عمران خان، اظہر فرید اور عبدالرزاق اور گینگ نمبر 4 میں جنید اصف اور گینگ نمبر 8 میں طاہر اسلام ان تمام بندوں کی اٹینڈنس شیٹوں پر یا تو D لگائی جاتی ہے اور کچھ کی G لگائی جاتی ہے اور کچھ کی حاضری لگا کر ان کی تنخواہیں مکمل بنائی جاتی ہیں اس کے علاوہ کچھ بندے پھاٹکوں پہ لگائے ہوئے ہیں اور ان سے بھی ماہانہ پانچ ہزار روپے اور 10 ہزار روپے نفری لی جاتی ہے ان کے نام یہ ہیں ناصر، احمد، قاسم، عاطف، ارشد، قاسم، رشید، صابر، ہیں جبکہ یہ بندے گھروں میں بیٹھے ہوئے ہیں اور محکمہ ریلوے سے تنخواہیں لے رہے ہیں اور کئی بندے فیکٹروں میں کام کر رہے ہیں اور کئی بندے کوئی کھیتی باری کا کام کر رہا ہے اور اپنے کام کر کے اور تنخواہ محکمہ ریلوے سے لیتے ہیں پہلے بھی کئی بار کئی اخباروں میں اشتہارات لگ چکے ہیں لیکن اس کے باوجود ریلوے انتظامیہ چپ ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ دال میں کچھ نہ کچھ کالا ہے اور رائے عابد علی پی ڈبلیو لاہور کے سر پر افسروں کا ہاتھ ہے جس کی وجہ سے ابھی تک کوئی بھی ایکشن نہیں لیا گیا

رائیونڈ میں پیر سید شریف حسین شاہ کا عرس جاری

عرس کے دوران محفل سماع کا انعقاد، قوال اختر حسین نے عارفانہ کلام پیش کیا

رائیونڈ (وقاص چوہان) رائیونڈ سے تفصیلات کے مطابق پیر سید شریف حسین شاہ بخاری کے سالانہ روحانی تقریبات عقیدت واحترام کے ساتھ جاری ہیں زائرین، مریدین اور عقیدت مندوں کی بڑی تعداد درگاہ پر حاضری دیکر فیوض وبرکات سمیٹ رہی ہے تفصیلات کے مطابق عرس کی تقریبات کے سلسلے میں عظیم الشان محفل سماع کا انعقاد کیا گیا جس میں ملک کے مایہ ناز مشہور قوال اختر حسین نے اپنے ہمنواؤں کے ہمراہ خصوصی حاضری دی اور روایتی انداز میں شاندار عارفانہ کلام اور منقبت پیش کر کے محفل میں موجود حاضرین پر وجدانی کیفیت طاری کر دی روحانی اجتماع میں سیاسی وسماجی رہنما رانا عمران راٹھ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی درگاہ پہنچنے پر انتظامیہ کی جانب سے ان کا پرجوش استقبال کیا گیا عرس کی تقریبات میں آنے والے زائرین کے لیے لنگر کا وسیع انتظام کیا گیا ہے عرس کا اختتام ملک کی خوشحالی، امن عامہ اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے کی جانے والی خصوصی رقت آمیز دعا سے ہوگا

ارجنٹینا سے شکست کے بعد مصر کا فیفا میں باضابطہ احتجاج ریفری پر سنگین الزامات

متنازع فیصلوں کی تحقیقات اور ریفری کو باقی ٹورنامنٹ سے ہٹانے کا مطالبہ فیصلہ فیفا ریفریز کمیٹی کرے گی

مصر (پی پی اے) مصر نے فیفا ورلڈ کپ کے پری کوارٹر فائنل میں ارجنٹینا کے خلاف متنازع ریفری فیصلوں پر فیفا میں باضابطہ احتجاج جمع کرا دیا ہے بین الاقوامی میڈیا کے مطابق مصر نے میچ میں 2۔0 کی برتری حاصل کی تھی تاہم ارجنٹینا نے آخری لمحات میں شاندار واپسی کرتے ہوئے 3۔2 سے کامیابی حاصل کر کے کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی مصری فٹبال ایسوسی ایشن کے صدر ہانی ابو ریدہ نے فرانسیسی ریفری فرانسوا لیٹیکسیئر اور ان کی آفیشل ٹیم کے خلاف فیفا میں شکایت درج کراتے ہوئے مؤقف اختیار کیا ہے کہ مصر کا ایک گول وی اے آر جائزے کے بعد مسترد کیا گیا جبکہ ارجنٹینا کے فیصلہ کن گول سے قبل مصر کی پنالٹی اپیل کو نظر انداز کیا گیا مصر نے فیفا سے مطالبہ کیا ہے کہ ان متنازع فیصلوں کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور متعلقہ ریفری و آفیشلز کو ٹورنامنٹ کے باقی میچز میں ذمہ داریاں نہ دی جائیں رپورٹس کے مطابق فیفا کے ریفریز شعبے کے حکام اب ریفری فرانسوا لیٹیکسیئر کی کارکردگی میچ رپورٹ اور ویڈیو فوٹیج کا جائزہ لیں گے جس کے بعد فیصلہ کیا جائے گا کہ آیا وہ ورلڈ کپ میں مزید فرائض انجام دیں گے یا نہیں رپورٹ میں یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ کسی رکن ملک یا قومی فٹبال ایسوسی ایشن کو ریفری کی تقرری پر ویٹو کا اختیار حاصل نہیں کیونکہ یہ فیصلہ صرف فیفا ریفریز کمیٹی کے دائرۂ اختیار میں آتا ہے واضح رہے کہ ماضی میں بھی ورلڈ کپ کے دوران ریفریوں کے متنازع فیصلوں پر مختلف ٹیموں کی جانب سے شکایات سامنے آتی رہی ہیں تاہم کسی ٹیم کے احتجاج کی بنیاد پر کسی ریفری کو باضابطہ طور پر ٹورنامنٹ سے خارج نہیں کیا گیا

کہو